e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۵)شمارہ نمبر(۳۰۶) لکھنؤ، بروز جمعہ ۷-اگست ۲۰۲۶ء،مطابق ۲۳-صفرالمظفر -۱۴۴۸ھ صفحات-۸
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 306 Frisday , August 07 2026 Pages -8

## ہوابازی ٹربائن فیول میں 'ایتھنول' ملانے کا کوئی منصوبہ نہیں

نئی دہلی۔ حکومت نے آج اپنے ایک بیان میں واضح کر دیا ہے کہ اس کا ہوابازی ٹربائن فیول (اے ٹی ایف) میں ایتھنول ملانے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ یہ دعویٰ پوری طرح سے غلط اور غیر ذمہ دارانہ ہے۔ حکومت کے پاس ایسی کوئی تجویز نہیں ہے۔ دراصل عاپ کے کنوینر اور دہلی کے سابق وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے دعویٰ کیا تھا کہ انھیں ذرائع سے پتہ چلا ہے کہ حکومت اے ٹی ایف میں ایتھنول ملانے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ کیجریوال نے یہ بھی کہا تھا کہ ماہرین کے مطابق اس کے خوفناک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔ اس معاملہ میں شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے 'ایکس' پر جاری ایک پوسٹ میں کہا کہ "ایتھنول اور سسٹینیبل ایویشن فیول (ایس اے ایف) پوری طرح سے الگ الگ ہیں اور انھیں ایک دوسرے سے ملانا نہیں چاہیے۔"

## امریکہ سے ایتھنول کی درآمد پر نہ کوئی رعایت، نہ کوئی عزم: حکومت

نئی دہلی، 6 اگست (یو این آئی) حکومت نے میڈیا کے کچھ حلقوں میں گردش کرنے والی ان خبروں کو مسترد کر دیا ہے کہ ایتھنول بلینڈنگ پروگرام کے لیے امریکہ سے بڑی مقدار میں ایندھن کے لیے ایتھنول درآمد کیا جا رہا ہے اور مستقبل میں بھی ایسا کرنے کا ارادہ ہے۔ وزارتِ تجارت و صنعت نے جمعرات کے روز ایک پریس ریلیز میں کہا، "یہ دعوے بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔" وزارت نے کہا کہ ملک کی موجودہ پالیسی کے مطابق ایتھنول بلینڈڈ پیٹرول سپلائی پروگرام کے تحت ایندھن کی آمیزش میں استعمال ہونے والا ایتھنول مکمل طور پر ملکی پیداوار کنندگان سے حاصل کیا جاتا ہے۔ ایندھن میں ملاوٹ کے لیے امریکہ سے ایتھنول کی کوئی درآمد نہیں کی جاتی۔ اس کے علاوہ، ہندوستان-امریکہ تجارتی مذاکرات کے دوران ایندھن کی آمیزش کے لیے امریکی ایتھنول کی درآمد سے متعلق کسی بھی قسم کے عزم کا اظہار نہیں کیا گیا ہے۔

# جین زیڈ ملک دشمن نہیں، بات چیت ضروری ہے

## تعلیمی نظام میں اصلاحات کی ضرورت، نوجوانوں کی شکایات جائز ہیں: آر ایس ایس سربراہ

## تعلیم پر خرچ اخراجات نہیں بلکہ سرمایہ کاری ہے، جی ڈی پی کا 6 فی صد تعلیم کے لیے مختص ہونا چاہیے: موہن بھاگوت




نئی دہلی۔ (ایجنسی) ملک کے مختلف حصوں میں پیپر لیک کو لے کر جین زیڈ (نئی نسل) کے بڑھتے ہوئے احتجاج کے درمیان راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے سربراہ موہن بھاگوت نے جمعرات کو کہا کہ ان کی شکایات جائز ہیں اور ہندوستان کے تعلیمی نظام میں اصلاح کی ضرورت ہے۔ حالیہ دنوں میں طلبہ کے احتجاج اور مظاہرین کو 'ملک دشمن' قرار دیے جانے پر آر ایس ایس سربراہ موہن بھاگوت نے کہا کہ اگر جین زیڈ احتجاج کر رہی ہے تو وہ ملک دشمن نہیں ہیں۔ وہ ہمارے ہی لوگ ہیں، ہماری اگلی نسل ہیں۔ مجھے نہیں لگتا کہ جین زیڈ ایسی ہے۔ میرا خیال ہے کہ نئی نسل، یعنی جین زیڈ اور جین الفا، ہماری موجودہ نسل سے زیادہ ایماندار ہے اور حب الوطنی و خدمت کی سچی اپیل ان پر اثر کرتی ہے۔ بھاگوت نے کہا کہ جمہوریت میں اتفاقِ رائے قائم کرنے کا ایک طریقہ احتجاج بھی ہے۔ کئی طرح کے خیالات سامنے آتے ہیں اور بات چیت کے ذریعے اتفاقِ رائے بنتا ہے۔ اگر مختلف وجوہات سے بات نہیں سنی جاتی تو تحریک کی جا سکتی ہے۔ لیکن ایسا اتفاقِ رائے قائم کرنے کے لیے ہونا چاہیے، نہ کہ تقسیم پیدا کرنے کے لیے۔ جہاں تک جین زیڈ کا تعلق ہے، حالیہ دنوں میں جو کچھ ہوا، ان کی شکایت درست ہے۔ ہندوستانی تعلیمی نظام میں بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے اور ایسا نہیں ہو رہا، اسی لیے یہ مسئلہ اٹھایا جا رہا ہے۔ اس لیے واقعی بات چیت ہونی چاہیے۔ جین زیڈ کے بارے میں اپنے تجربے کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب ہم ان کی عمر کے تھے تو ہم بزرگوں کی بات مان لیتے تھے، کبھی سوال نہیں اٹھاتے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب جین زیڈ اور جین الفا سوال پوچھتی ہیں، انہیں منطقی جواب اور محبت چاہیے۔ جمہوریت میں یہی طریقہ ہے۔ اسے انگریزی میں 'ڈیبیٹ' کہتے ہیں، ہم اسے 'شاستر ارتھ' کہتے ہیں۔ وہاں کوئی جھگڑا نہیں ہوتا بلکہ دو فریق ہوتے ہیں: 'پوروا' اور 'اتر'۔ ہم تمام پہلوؤں کو دیکھتے ہیں اور ہر شخص کا اپنا نظریہ ہوتا ہے، اس لیے ہر موضوع پر ایک نیا پہلو سامنے آتا ہے۔ اس طرح ہمیں کئی آرا اور مخالف آرا ملتی ہیں، جو مل کر سچائی کی مکمل تصویر بناتی ہیں۔ ایسا ضرور ہونا چاہیے۔ بھاگوت نے کہا کہ میں یہ نہیں کہوں گا کہ جین زیڈ کو احتجاج نہیں کرنا چاہیے، لیکن جمہوریت میں احتجاج کرنے اور کام کرنے کے کچھ طریقے ہوتے ہیں۔ آئین بنانے والوں اور ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی تقاریر میں بھی اس حوالے سے اشارے دیے گئے ہیں۔ اس پر توجہ دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ جین زیڈ صرف احتجاج کرنے کے لیے آواز نہیں اٹھا رہی ہے، بلکہ وہ ایسا اس لیے کر رہی ہے کیونکہ اسے کچھ مسائل درپیش ہیں اور ان مسائل کو حل کیا جانا چاہیے۔ تحریک میرے یا آپ کے خلاف نہیں بلکہ نظام کو بہتر بنانے کے لیے ہونی چاہیے۔ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے بھاگوت نے کہا کہ انہیں پولیس اور مظاہرین کے درمیان حالیہ تصادم کے صحیح حالات کی معلومات نہیں ہیں، لیکن نوجوانوں پر ان کا اعتماد اٹل ہے۔ بھاگوت نے کہا کہ میں 'جین زیڈ' پر آنکھ بند کر کے بھروسہ کروں گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں ملک کے نوجوانوں کی نیت اور ان کی امنگوں پر مکمل اعتماد ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کوئی تجارتی کاروبار نہیں ہے۔ کمیونٹی کی مدد سے تعلیمی نظام کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ تعلیم کا معاشی بوجھ بہت زیادہ ہے۔ ہمیں محتاط اور فعال رہنے کی ضرورت ہے اور نظام کا باقاعدگی سے جائزہ لینا ہوگا۔ ہمیں اپنے اساتذہ کو بھی تربیت دینے کی ضرورت ہے۔ تعلیم دینا صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ایک سماجی ذمہ داری بھی ہے۔

☆ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کے سرسنگھ چالک موہن بھاگوت نے کہا ہے کہ تعلیم پر ہونے والا خرچ اخراجات نہیں بلکہ ملک کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ انہوں نے تعلیم کے شعبے میں سرکاری سرمایہ کاری بڑھانے کی بھرپور وکالت کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بھارت جلد ہی مجموعی گھریلو پیداوار (جی ڈی پی) کا 6 فیصد تعلیم کے لیے مختص کرنے کا دیرینہ ہدف حاصل کر لے گا۔ ممبئی میں انڈیا انٹرنیشنل ماڈل یونائیٹڈ نیشنز (آئی آئی ایم یو این) کی پندرہویں سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے موہن بھاگوت نے کہا کہ کئی دہائیوں سے تعلیم کے لیے جی ڈی پی کا 6 فیصد مختص کرنے کا مطالبہ کیا جاتا رہا ہے، جسے وسیع حمایت حاصل ہے، اور انہیں یقین ہے کہ یہ مقصد جلد حقیقت بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کو حکومت پر مالی بوجھ کے بجائے ایسی قومی سرمایہ کاری کے طور پر دیکھا جانا چاہیے جو معاشرے کو مضبوط بناتی ہے اور آنے والی نسلوں کو بہتر مستقبل کے لیے تیار کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچنی چاہیے اور اس کا مقصد صرف تعلیمی کامیابی حاصل کرنا نہیں بلکہ ذمہ دار، باصلاحیت اور سماجی شعور رکھنے والے شہری تیار کرنا بھی ہونا چاہیے۔ ان کے مطابق تعلیم کا حقیقی مقصد صرف معلومات فراہم کرنا نہیں بلکہ کردار سازی، اخلاقی اقدار اور وطن کے تئیں احساسِ ذمہ داری پیدا کرنا ہے۔ طلبہ اور نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے بھاگوت نے کہا کہ وہ تعلیم کو سماج کی مثبت خدمت کا ذریعہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک مؤثر تعلیمی نظام نوجوانوں میں قائدانہ صلاحیت، اخلاقی اقدار اور شہری ذمہ داری کا شعور پیدا کرتا ہے، تاکہ وہ قوم کی تعمیر و ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے یاد دلایا کہ جی ڈی پی کا 6 فیصد تعلیم پر خرچ کرنے کی سفارش مختلف قومی تعلیمی کمیشنوں اور پالیسی دستاویزات میں بارہا کی جا چکی ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بھی اس ہدف کا اعادہ کرتے ہوئے تعلیم تک رسائی، مساوات اور معیار کو بہتر بنانے کے لیے عوامی سرمایہ کاری میں نمایاں اضافے پر زور دیا گیا ہے۔

## اتر پردیش میں مدارس کے اساتذہ کو وقت پر تنخواہ ملنے کا راستہ مکمل طور پر بند

# یوگی حکومت نے 'مدرسہ تنخواہ بل' واپس لیا

لکھنؤ: 6 اگست (پی این ایس) یوگی آدتیہ ناتھ حکومت نے سماجوادی پارٹی حکومت میں منظور کیے گئے 'مدرسہ تنخواہ بل' کو ختم کر دیا ہے۔ 2016 میں منظور کیے گئے 'اتر پردیش مدرسہ (اساتذہ اور دیگر ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی) بل 2016' کو مقننہ کے دونوں ایوانوں سے یوگی حکومت نے واپس لے لیا۔ اس کے ساتھ ہی تقریباً ایک دہائی سے زیر التوا اس بل کا باب اپنے اختتام کو پہنچ گیا ہے۔ یہ بل قانونی اور آئینی وجوہات کے سبب نافذ نہیں ہو پایا تھا۔ گورنر اور بعد میں مرکزی حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے اعتراضات کی وجہ سے اس بل کو منظوری نہیں مل سکی تھی۔ اب یوگی حکومت نے اسے باضابطہ طور پر واپس لے کر اس پر پابندی عائد کر دی ہے۔ سماجوادی پارٹی حکومت نے 2016 میں مدارس کے اساتذہ اور دیگر ملازمین کی وقت پر تنخواہوں کو یقینی بنانے کے مقصد سے اس بل کو قانون ساز اسمبلی اور قانون ساز کونسل میں پاس کیا تھا۔ حکومت نے دلیل دی تھی کہ اس کے ذریعہ مدارس کے ملازمین کو باقاعدگی سے تنخواہیں ملنے کو یقینی بنایا جائے گا اور ادائیگی میں تاخیر کے لیے جوابدہی طے کی جائے گی۔ بل میں التزام کیا گیا تھا کہ اگر مدارس کے اساتذہ اور ملازمین کی تنخواہیں وقت پر ادا نہیں کی جاتی ہیں تو ذمہ دار افسران کے خلاف فوجداری مقدمہ درج کیا جا سکتا ہے۔ اسی التزام اور دیگر نکات کے حوالے سے قانونی اور آئینی سوالات اٹھائے گئے تھے۔ دونوں ایوانوں میں بل پاس ہونے کے بعد اس وقت کے گورنر رام نائک کے پاس بھیجا گیا تھا۔ گورنر نے بل کی بعض شقوں پر عدم اتفاق کا اظہار کیا اور اپنی منظوری دینے کے بجائے صدر جمہوریہ کے پاس بھیج دیا۔ آئین کے التزامات کے تحت ایسے معاملات میں صدر کی رضامندی ضروری ہوتی ہے۔ خصوصاً بل میں جب آئینی یا قانونی پریشانیاں درپیش ہوں۔ صدر تک پہنچنے کے بعد مرکزی وزارت داخلہ نے اس بل کی جانچ کی۔ جانچ پڑتال کے دوران بل کی متعدد شقوں پر اعتراضات کیے گئے۔ وزارت داخلہ نے تسلیم کیا کہ کچھ دفعات قانونی اور آئینی طور پر درست نہیں ہیں۔ اس کے بعد مرکز کی جانب سے اس بل کو واپس لینے کا مشورہ دیا گیا۔ یہی وجہ رہی کہ یہ قانون کبھی وجود میں نہیں آ سکا اور برسوں تک زیر التوا رہا۔ اب یوگی آدتیہ ناتھ حکومت نے زیر التوا بل کو مقننہ کے دونوں ایوانوں سے واپس لے لیا ہے۔ حکومت کا ماننا ہے کہ جب کسی بل کو آئینی منظوری نہیں ملی اور وہ کبھی نافذ نہیں ہوا تو اسے زیر التوا رکھنے کا کوئی جواز نہیں۔ دونوں ایوانوں سے دستبرداری کے ساتھ ہی یہ بل قانون سازی کے عمل سے مکمل طور پر ختم ہو گیا ہے۔ بل میں سب سے زیادہ بحث اس شق پر ہوئی تھی، جس میں تنخواہ کی ادائیگی میں تاخیر ہونے پر متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی ہو۔

## نوجوانوں کے مستقبل کو نئی سمت دینے کی تیاری

### یوگی حکومت بنائے گی جامع یوتھ پالیسی، جدید ہنر اور روزگار پر ہوگا فوکس



لکھنؤ: ۶/اگست۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج اپنی سرکاری رہائش گاہ پر مدعو ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں ریاست کے نوجوانوں کی مجموعی ترقی کے لیے ایک مربوط یوتھ پالیسی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ماہرین کی شمولیت سے ایک خود مختار ریاستی یوتھ کمیشن کے قیام کے امکان پر غور کیا جانا چاہیے تاکہ نوجوانوں کی مجموعی ترقی سے متعلق پروگراموں کی مسلسل نگرانی اور جائزہ لیا جائے اور وقتاً فوقتاً ضروری تجاویز پیش کی جائیں۔ اس کمیشن کو نوجوانوں سے متعلق پروگراموں کا باقاعدگی سے جائزہ لینا چاہیے، ضروری تجاویز فراہم کرنا چاہیے اور بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق پالیسیوں اور پروگراموں کو مزید مؤثر بنانے میں مدد کرنی چاہیے۔ ریاست کی نوجوان پالیسی نوجوانوں کی بدلتی ہوئی توقعات، امنگوں اور مستقبل کی ضروریات کے مطابق تیار کی جانی چاہیے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی ہے کہ یوتھ پالیسی بنانے سے پہلے ریاست کے 16 سے 35 سال کی عمر کے نوجوانوں کی توقعات، خواہشات اور ضروریات کو سمجھنا چاہیے۔ پالیسی سازی کے عمل میں طلباء، کھلاڑیوں، محققین، اسٹارٹ اپ کاروباری افراد، نوجوان پیشہ ور افراد اور مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی شرکت کو یقینی بنانا چاہیے۔ عوامی ڈومین کے ذریعے تجاویز بھی طلب کی جانی چاہئیں، تاکہ پالیسی نوجوانوں کی حقیقی ضروریات اور مستقبل کے چیلنجوں کے مطابق بنائی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست میں نوجوانوں پر مبنی تمام اسکیموں کے مؤثر نفاذ پر خصوصی زور دیا جانا چاہیے۔ مختلف محکموں کے درمیان بہتر تال میل قائم کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اسکیموں کے فوائد ہر اہل نوجوان تک بروقت اور شفاف طریقے سے پہنچیں۔ مجوزہ 'یوتھ پالیسی' میں نوجوانوں کی شخصیت کے تمام اہم پہلوؤں کو جامع طور پر شامل کیا جانا چاہیے، جن میں تعلیم اور مہارت فروغ، کاروباری، روزگار اور اختراع، ڈیجیٹل مستحکم کاری، صحت، کھیل، قیادتی صلاحیت، ثقافت اور وراثت شامل ہیں۔




# رام مندر چندہ چوری اور طلباء احتجاج پر اپوزیشن کا ہنگامہ

## انڈیا بلاک نے پارلیمنٹ کے مکر دوار پر مظاہرہ کیا، امت شاہ سے جواب طلب




نئی دہلی، 06 اگست (یو این آئی) اپوزیشن جماعتوں کے انڈیا بلاک نے جمعرات کو مرکز کے خلاف اپنے حملوں کو تیز کرتے ہوئے پارلیمنٹ کے مکر دوار پر زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے رام مندر کے چندے میں مالی بے ضابطگیوں کے الزامات اور امتحانات سے متعلق مسائل پر احتجاج کرنے والے طلباء کے خلاف پولیس کی مبینہ زیادتیوں پر جواب دینے کا مطالبہ کیا اس مظاہرے میں کانگریس کے صدر اور راجیہ سبھا میں قائد حزب اختلاف ملکارجن کھرگے، کانگریس رہنما اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی، کانگریس رہنما پرینکا گاندھی واڈرا، سماجوادی پارٹی، ترنمول کانگریس اور دیگر انڈیا بلاک کے اتحادی ارکان نے شرکت کی۔ مکر دوار کے قریب جمع ہو کر اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ نے نعرے بازی کی اور پارلیمنٹ میں وزیر داخلہ کی موجودگی کا مطالبہ کرتے ہوئے حکومت پر ملک سے متعلق مسائل سے بھاگنے کا الزام لگایا۔ ہاتھوں میں پلے کارڈز تھامے اور "امت شاہ جواب دو" اور "گرہ منتری سدن میں آؤ" جیسے نعرے لگاتے ہوئے احتجاجی اراکین پارلیمنٹ نے کہا کہ ایودھیا میں شری رام جنم بھومی مندر کے لیے جمع کیے گئے عوامی چندے کے مبینہ غلط استعمال اور طلباء کے خلاف پولیس کارروائی سے متعلق سوالات کے جوابات دینے کے لیے پارلیمنٹ ہی مناسب فورم ہے۔ مظاہرے کے دوران صحافیوں سے بات کرتے ہوئے اپوزیشن رہنماؤں نے الزام لگایا کہ رام مندر پروجیکٹ کے لیے عقیدت مندوں کی طرف سے دیے گئے چندے میں مالی بے ضابطگیوں کے الزامات پر مرکز اطمینان بخش وضاحت دینے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان الزامات کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں اور حکومت کو اس پر تفصیلی بیان دینا چاہیے۔ ایک اپوزیشن رہنما نے کہا، "جن لوگوں نے رام مندر فنڈ میں تعاون کیا، انہوں نے عقیدت کے ساتھ ایسا کیا۔ چندے کے غلط استعمال سے متعلق کسی بھی الزام کو شفاف طریقے سے حل کیا جانا چاہیے۔ حکومت اتنے سنگین سوالات پر خاموش نہیں رہ سکتی۔" انڈیا بلاک نے 20 جولائی کو پیپر لیک تنازعات اور امتحانات سے متعلق دیگر مسائل پر احتجاج کرنے والے طلباء پر پولیس کی مبینہ کارروائی کے حوالے سے بھی حکومت پر اپنا حملہ تیز کر دیا۔ اپوزیشن رہنماؤں نے الزام لگایا کہ سکیورٹی فورسز نے پرامن مظاہرین کے خلاف پیلٹ گنز کے استعمال سمیت شدید طاقت کا استعمال کیا اور مطالبہ کیا کہ اس کے ذمہ داروں کو جوابدہ بنایا جائے۔ ایک اور اپوزیشن رہنما نے کہا، اس ملک کے طلباء اپنے مستقبل اور امتحانات کی شفافیت کے بارے میں جائز تشویش ظاہر کر رہے تھے۔ ان کی بات سننے کے بجائے ان کے خلاف مبینہ طور پر وحشیانہ طاقت کا استعمال کیا گیا۔

# 2013 جنسی استحصال کیس میں صحافی ترون تیج پال مجرم قرار، بامبے ہائی کورٹ نے 10 سال کی سزا سنائی




پنجی: (ایجنسی) بامبے ہائی کورٹ نے جمعرات کو تہلکہ کے سابق ایڈیٹر ترون تیج پال کو 2013 کے جنسی استحصال کے ایک معاملے میں عصمت دری کے الزام میں مجرم قرار دیا۔ ہائی کورٹ نے سیشن کورٹ کے اس حکم کو بھی مسترد کر دیا جس میں تیج پال کو بری کیا گیا ہے۔ ہائی کورٹ کی گوا بنچ کے جسٹس نیلا گوکھلے اور امت جمسندیکر نے سزا کا اعلان کرتے ہوئے ترون تیج پال کو 10 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ مقدمہ ایک جونیئر ساتھی نے درج کرایا تھا۔ تیج پال کو تعزیرات ہند کی دفعہ 376 (2) (ایف) (وہ شخص جو سرپرست ہے یا اعتماد یا اتھارٹی کی حیثیت سے کسی عورت کی عصمت دری کرتا ہے)، 354 (اے) (جنسی طور پر ہراساں کرنا) اور 354 (بی) کے تحت مجرم قرار دیا گیا ہے۔ جب تیج پال کے وکیل آبا پونڈا نے کم سے کم سزا کا مطالبہ کیا تو گوا حکومت کی طرف سے پیش ہوئے سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے ایک سخت پیغام دینے کے لیے زیادہ سے زیادہ سزا دینے کا مطالبہ کیا۔ تیج پال، جو عدالت میں موجود تھے، نرمی کی کوشش کی، اور دعویٰ کیا کہ وہ ایک سیاسی شکار" اور دو بیٹیوں کے باپ ہیں۔ تیج پال کی ایک سابق جونیئر ساتھی نے تجربہ کار صحافی کے خلاف نومبر 2013 میں گوا میں تھنک فیسٹ ایونٹ کے دوران ہوٹل کی لفٹ کے اندر اس کے ساتھ جنسی زیادتی کا الزام لگایا تھا۔ 2021 میں ٹرائل کورٹ کے ذریعہ تیج پال کو بری کرنے کے بعد، گوا حکومت نے اس فیصلے کو ہائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

## حب الوطنی کا معیار وندے ماترم نہیں ہو سکتا: جماعت اسلامی ہند

نئی دہلی، 6 اگست (یو این آئی) جماعت اسلامی ہند نے منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حکومت کی طرف سے قومی وقار کی توہین (ترمیمی) بل، 2026 کی منظوری، ملک میں جامع تعلیمی اصلاحات کی ضرورت اور مختلف ریاستوں میں سیلاب کی سنگین صورت حال پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جماعت اسلامی ہند کے نائب امیر ملک معتصم خان نے وندے ماترم سے متعلق قومی وقار کی توہین (ترمیمی) بل، 2026 کی منظوری پر گہری تشویش ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ہند ملک کے آئینی اداروں اور قومی وقار کے احترام پر مکمل یقین رکھتی ہے، تاہم یہ بات واضح کرنا ضروری ہے کہ وندے ماترم کے وہ اشعار اسلام کے عقیدۂ توحید سے مطابقت نہیں رکھتے، جن میں وطن کو ایک معبود کی صورت میں پیش کیا گیا ہے اور اسے بعض دیویوں سے منسوب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعتراض نہ تو نیا ہے اور نہ ہی فرقہ وارانہ ہے بلکہ ہندوستان کے جمہوری اور آئینی نظام میں اس حقیقت کو پہلے ہی تسلیم کیا جا چکا ہے۔ ملک معتصم خان نے کہا کہ یہ نہایت تشویشناک ہے کہ پارلیمنٹ نے ایسا قانون منظور کیا ہے جو براہ راست مذہبی اقلیتوں کے حقوق کو متاثر کر سکتا ہے اور ان میں کشیدگی پیدا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ اس بل میں وندے ماترم گانے کو لازمی قرار نہیں دیا گیا، لیکن اس کے خلاف کسی بھی ایسے عمل کو جرم قرار دیا گیا ہے جسے 'توہین' یا 'بے ادبی' سمجھا جائے۔ اس قانون میں استعمال کی گئیں مبہم اصطلاحات قانون کے غلط استعمال کا سنگین خطرہ پیدا کرتی ہیں۔ ملک معتصم خاں نے سپریم کورٹ کے تاریخی بجوئے ایمانوئیل (Bijoe Emmanuel) فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ نے واضح کیا تھا کہ اگر کوئی شخص اپنے مذہبی عقیدے کی بنیاد پر قومی ترانے یا نغمے میں شریک نہ ہو تو آئین میں دئے گئے حقوق کے تحت اسے یہ حق حاصل ہے۔

# عتیق احمد کے سب سے چھوٹے بیٹے ابان احمد کی سڑک حادثے میں موت، جھانسی میں کار حادثہ کا شکار





جھانسی: اتر پردیش کے سابق رکن پارلیمنٹ عتیق احمد کے چھوٹے بیٹے ابان احمد کی سڑک حادثے میں موت ہوگئی۔ یہ واقعہ جمعرات کو جھانسی کانپور قومی شاہراہ پر پونچھ پولیس اسٹیشن کے قریب پیش آیا۔ حادثے میں ابان کے ایک ساتھی کی بھی موت ہوگئی، جبکہ تین دیگر نوجوان شدید زخمی ہیں۔ ابتدائی معلومات کے مطابق ابان اپنے ساتھیوں کے ساتھ اپنے بھائی علی احمد سے ملنے آئے تھے جو جھانسی جیل میں بند ہے۔ ان کی گاڑی پونچھ کے علاقے کے قریب اس وقت حادثے کا شکار ہوئی جب وہ دورے کے بعد پریاگ راج واپس لوٹ رہے تھے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور ایمبولینس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ تمام زخمیوں کو فوری طور پر مٹھ میں واقع کمیونٹی ہیلتھ سینٹر پہنچایا گیا۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس بی بی جی ٹی ایس مورتی نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ پولیس کو صبح 10.30 بجے کے قریب اطلاع ملی کہ ڈرائیور کا کنٹرول کھونے کے بعد ایک ایس یو وی سڑک کے ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی ہے۔ انہوں نے کہا" ، حادثے میں دو افراد کی موت ہوگئی، جبکہ تین دیگر زخمی ہوئے۔ زخمیوں کا میڈیکل کالج میں علاج چل رہا ہے۔" پولیس نے بتایا کہ مہلوکین کی شناخت ابان احمد اور سونو کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر ایسا لگتا ہے کہ حادثہ کار پر سے کنٹرول کھونے کے باعث پیش آیا۔ ابان احمد عتیق احمد کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔

# ایران اور عمان کے مابین معاہدہ طے پانے کے بہت قریب

## امریکہ کی جانب سے مذکورہ مجوزہ معاہدے پر فوری طور پر کوئی ردعمل نہیں





ایران اور عمان اب آبنائے ہرمز سے متعلق ایسے معاہدے کے بہت قریب ہیں، جس کا مقصد ایران جنگ کے خاتمے میں مدد ہے۔ مجوزہ معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز میں داخل ہونے والے بحری جہازوں کی نگرانی ایران کے سپرد کردینے کا امکان ہے۔اس پیش رفت کے بارے میں نیوز ایجنسی روئٹرز نے ایک اعلیٰ ایرانی ذریعے اور خطے کے دو عہدیداروں کے حوالے سے اطلاع دیتے ہوئے بتایا کہ اگر یہ معاہدہ طے پا جاتا ہے، تو اسے ایران کے لیے اس کی اب تک کی سب سے بڑی سفارتی کامیابیوں میں شمار کیا جائے گا۔ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے بتایا کہ عمان کے ساتھ مذاکرات میں "بنیادی نوعیت کی مفاہمت" کی منزل حاصل کر لی گئی ہے اور یہ پیش رفت اب حتمی شکل اختیار کر لینے کے بہت قریب ہے۔امریکہ کی جانب سے اس مجوزہ معاہدے پر فوری طور پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔ اگرچہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے سے متعلق معاہدہ جلد متوقع ہے، تاہم امریکی حکام بارہا اس بات پر زور دیتے رہے ہیں کہ وہ دنیا بھر کو توانائی کی ترسیل کے لیے اس انتہائی اہم بحری گزرگاہ تک رسائی کا کنٹرول ایران کے حوالے کرنے پر کبھی رضامند نہیں ہوں گے۔تجزیہ کاروں کے مطابق اگر اس معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز سے گزرنے والی میرین ٹریفک پر ایران کو اختیار حاصل ہو جاتا ہے، تو یہ اس جنگ کے بعد علاقائی طاقت کے توازن میں تہران کے حق میں ایک بڑی تبدیلی تصور کی جائے گی، جس کا آغاز فروری میں امریکہ اور اسرائیل نے کیا تھا۔ جنگ سے قبل آبنائے ہرمز تمام تجارتی اور دیگر بحری جہازوں کے لیے بلا رکاوٹ کھلی ہوئی تھی اور اس راستے کے استعمال پر کسی بھی قسم کی کوئی فیس عائد نہیں تھی۔ایران اور عمان کے درمیان ممکنہ معاہدے کے حوالے سے روئٹرز سے گفتگو کرنے والے ایرانی اور علاقائی ذرائع نے بدھ کی رات خبردار کیا کہ کئی اہم معاملات اب بھی طے ہونا باقی ہیں۔ ایک علاقائی ذریعے نے روئٹرز کو بتایا، "آبنائے ہرمز پر کسی نہ کسی نوعیت کے کنٹرول سے متعلق رعایت پہلے ہی دی جا چکی ہے۔"ایک دوسرے علاقائی ذریعے کے مطابق ابھی یہ طے ہونا باقی ہے کہ "کنٹرول" کی عملی تعریف کیا ہوگی۔ خلیجی ممالک کے مذاکرات کار اس بات پر زور دے رہے ہیں کہ جہازوں کی تلاشی اور نگرانی کا عمل علاقائی ممالک کی نگرانی میں ہو، جبکہ کسی بھی قسم کی فیس کی ادائیگی لازمی کے بجائے رضاکارانہ بنیادوں پر ہونا چاہیے۔ایک اعلیٰ ایرانی عہدیدار کے مطابق تہران کی خواہش ہے کہ آبنائے ہرمز استعمال کرنے والے جہازوں کے کارگو کی مالیت کا 5 سے 7 فیصد بطور فیس وصول کیا جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عمان تقریباً 3 فیصد فیس کی تجویز پر بات کر رہا ہے، جبکہ امریکہ کسی بھی قسم کی فیس عائد کرنے کے حق میں نہیں ہے۔اسی ایرانی ذریعے نے بتایا کہ زیر غور معاہدے کے مسودے میں یہ تصور بھی شامل ہے کہ آبنائے ہرمز کے ذریعے خلیج فارس میں داخل ہونے والے بحری جہازوں پر ایران کو اختیار حاصل ہوگا۔ تاہم ایک بڑا اختلافی نکتہ یہ ہے کہ خلیج فارس سے باہر جانے والے جہازوں کے حوالے سے ایران کا کردار کس حد تک ہوگا۔امریکی ریاست نیواڈا کے شہر لاس ویگاس میں اپنے حامیوں سے خطاب کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ فوجی تصادم کے بجائے سفارتی حل کو ترجیح دیتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا، "میں معاہدہ کرنا پسند کروں گا کیونکہ میں لوگوں کو مارنا نہیں چاہتا۔ میں لوگوں کو قتل نہیں کرنا چاہتا، لیکن ایک وقت ایسا بھی آ سکتا ہے کہ جب ہمیں ایسا کرنا پڑے۔"تہران حکومت کے مطابق 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے فضائی حملوں کے ساتھ ایران جنگ شروع کیے جانے کے بعد سے اب تک ایران میں 3,400 سے زائد افراد ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ امریکہ بھی اپنے 18 فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق کر چکا ہے۔

## روس: یوکرینی ڈرون حملے کے بعد آئل ریفائنری میں آگ لگ گئی



روسی یوکرینی جنگ میں حالیہ ہفتوں میں ماسکو اور کیف کے ایک دوسرے کے عسکری اہداف کے ساتھ ساتھ سویلین انفراسٹرکچر اور توانائی کی تنصیبات پر بھی شدید ہو چکے حملوں کے دوران روسی خطے یاروسلاول میں ایک آئل ریفائنری پر ایک بڑا یوکرینی ڈرون حملہ کیا گیا، جس کے بعد وہاں آگ لگ گئی۔ ماسکو سے جمعرات چھ اگست کو موصولہ رپورٹوں کے مطابق یہ یوکرینی حملہ بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب کیا گیا اور اس کے نتیجے میں ایک آئل ریفائنری میں لگنے والی آگ کی یاروسلاول کے علاقائی گورنر میخائل ایورائیف نے بھی تصدیق کر دی۔ علاقائی گورنر ایورائیف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹیلیگرام پر شائع کردہ اپنے ایک بیان میں کہا کہ اس ڈرون کو فضا میں ہی ٹارگٹ کر لیا گیا تھا لیکن اس کا ملبہ اس ریفائنری کے چند اسٹوریج ٹینکس پر گرا، جس کے بعد وہاں آگ لگ گئی۔ گورنر میخائل ایورائیف نے بتایا کہ آگ لگنے کے فوری بعد بڑی تعداد میں ایمرجنسی ورکرز موقع پر پہنچ گئے تھے، جو آخری خبریں آنے تک وہاں آگ کے شعلوں پر قابو پانے کی بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے تھے۔ یوکرینی مسلح افواج کی طرف سے روس کے خلاف جنگ میں یاروسلاول اور دیگر علاقوں میں کیے جانے والے تازہ ڈرون حملوں کے بارے میں یوکرینی صدر وولودیمیر زیلنسکی نے جمعرات کے روز کہا کہ کیف کی فورسز نے گزشتہ رات روس کے اندر دور تک تیل کی متعدد تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ صدر زیلنسکی نے اپنی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ کیف حکومت اپنی وہ عسکری مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جس کا مقصد جنگ کے زمانے میں روسی معیشت کو زیادہ سے زیادہ نقصان پہنچانا اور کریملن میں ملکی قیادت کو ہزیمت کا شکار بنانا ہے۔ وولودیمیر زیلنسکی نے لکھا کہ تیل کی تنصیبات پر یوکرینی ڈرون حملوں کے نتیجے میں روس میں کئی مقامات پر تیل کی قلت پیدا ہو چکی ہے۔ یوکرینی صدر کے بقول یہ کیف حکومت کی طرف سے ماسکو کے ان ہلاکت خیز اور وسیع تر میزائل اور ڈرون حملوں کا جواب ہے، جن کا یوکرین گزشتہ کئی ہفتوں سے مسلسل سامنا کر رہا ہے۔ صدر زیلنسکی کے مطابق روسی خطے یاروسلاول میں جس ریفائنری کو نشانہ بنایا گیا، وہ یوکرینی سرحد سے تقریباً 700 کلومیٹر دور ہے۔ اسی طرح ایک اور روسی علاقے باشکورتوستان، جسے باشقیرستان بھی کہا جاتا ہے، میں جس آئل ریفائنری کو جنگی ڈرونز کے ساتھ ٹارگٹ کیا گیا، اس کا مشرقی یوکرین میں روس کے ساتھ زمینی جنگی محاذ سے فاصلہ 1,300 کلومیٹر سے بھی زیادہ بنتا ہے۔

## ایران سے بات چیت جاری ہے، دیکھیں کیا ہوتا ہے: ٹرمپ



واشنگٹن، 6 اگست (یو این آئی) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران سے ڈیل کرنا چاہتے ہیں کیونکہ وہ لوگوں کو مارنا نہیں چاہتے۔ تقریب سے خطاب میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران سے بات چیت جاری ہے، دیکھیں کیا ہوتا ہے۔ اس سے پہلے فاکس نیوز کو انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا تھا کہ اصل اہمیت صرف عملی اقدامات کی ہے اور ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے، دیکھتے ہیں آگے کیا ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر وہ معاہدہ نہیں کرتا تو یہ اس ہی کے لیے نقصان دہ ہوگا۔

## صحافی امل خلیل کی موت اسرائیل کا جنگی جرم: ہیومن رائٹس واچ

واشنگٹن، 6 اگست (یو این آئی) انسانی حقوق کی تنظیم ہیومن رائٹس واچ نے کہا ہے کہ رواں سال لبنانی صحافی امل خلیل اور ان کی کیمرہ آپریٹر زینب فرج پر ہونے والا اسرائیلی فضائی حملہ جان بوجھ کر کیا گیا تھا، جس کے نتیجے میں امل خلیل جاں بحق اور زینب فرج شدید زخمی ہو گئی تھیں۔ ایچ آر ڈبلیو کے مطابق مذکورہ حملہ بین الاقوامی قانون کے تحت جنگی جرم کے زمرے میں آتا ہے۔ امل خلیل، جو لبنانی اخبار الاخبار سے وابستہ تھیں، 22 اپریل کو جنوبی لبنان کے قصبے الطیری میں اسرائیلی حملوں کی کوریج کے دوران ایک فضائی حملے میں جاں بحق ہو گئی تھیں۔ ہیومن رائٹس واچ نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ اقوام متحدہ کے لبنان مشن (یونیفل) اور ریڈ کراس کی جانب سے کی گئی درخواستوں سمیت دستیاب شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسرائیلی فوج کو علم تھا کہ جس عمارت کو نشانہ بنایا گیا، اس میں صحافی موجود تھے۔ تنظیم کے مطابق شواہد سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ امل خلیل حملے کے بعد کچھ وقت تک زندہ تھیں، تاہم اسرائیلی فورسز نے امدادی ٹیموں کو جائے وقوعہ تک پہنچنے سے روک دیا، جس کے باعث انہیں بروقت طبی امداد فراہم نہ کی جا سکی۔

## باب المندب اور آبنائے ہرمز سے بحری آمدورفت میں نمایاں کمی

لندن، 6 اگست (یو این آئی) باب المندب اور آبنائے ہرمز سے گزرنے والی بحری آمدورفت میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق سمندری جہازوں کی نگرانی کرنے والے ادارے کے اعداد و شمار میں بتایا گیا ہے کہ بدھ کے روز صرف 2 بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے جبکہ ایک روز قبل یہ تعداد 8 تھی۔ باب المندب سے بھی بدھ کے روز صرف 1 تجارتی جہاز گزرا جبکہ ایک روز پہلے 20 جہاز اس بحری گزرگاہ سے گزرے تھے۔ ادارے کے اعداد و شمار کے مطابق امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ شروع ہونے سے قبل آبنائے ہرمز سے روزانہ اوسطاً 130 سے 140 بحری جہاز گزرتے تھے جبکہ باب المندب کی ناکہ بندی کے اعلان سے پہلے والے ہفتے میں اس راستے سے روزانہ اوسطاً 41 جہاز گزرتے تھے۔

## روس کا بحیرہ اسود میں گندم سے لدے جہاز پر حملہ، ملاح ہلاک

کیف، 6 اگست (یو این آئی) روس نے بحیرہ اسود کی یوکرینی حدود میں گندم سے لدے جہاز پر حملہ کر دیا۔ یوکرینی حکام کے مطابق حملے کے بعد غیر ملکی پرچم بردار جہاز میں آگ لگ گئی، جبکہ جہاز کے عملے میں شامل ایک ملاح ہلاک ہو گیا۔ یوکرین کی بندرگاہی انتظامیہ نے تصدیق کی ہے کہ متاثرہ جہاز مارا کوئین (Mara Queen) تھا، جو افریقی ملک گنی بساؤ کے پرچم تلے سفر کر رہا تھا۔ اس سے قبل روس نے دعویٰ کیا تھا کہ اس نے ایسے بحری جہازوں کو نشانہ بنایا جو مبینہ طور پر فوجی ساز و سامان لے جا رہے تھے۔

## ٹرمپ کا 7 ارب ڈالر کے 11 نئے برف شکن بحری جہاز خریدنے کا اعلان



واشنگٹن، 6 اگست (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تقریباً 7 ارب ڈالر مالیت کے منصوبے کے تحت 11 نئے برف شکن بحری جہاز خریدنے کا اعلان کیا ہے جبکہ امریکی کوسٹ گارڈز نے صرف 4 یا 5 بھاری برف شکن جہازوں کی ضرورت ظاہر کی تھی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ اعلان فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر اسٹب کے ساتھ مشترکہ طور پر کیا گیا ہے، منصوبے کے تحت ابتدائی 4 جہاز فن لینڈ میں جبکہ باقی امریکہ میں تیار کیے جائیں گے۔ ٹرمپ نے قومی سلامتی کے جہاز امریکہ میں ہی تیار کرنے کی قانونی شرط سے بھی استثنیٰ دیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق 11 جہاز خریدنے کا فیصلہ خود صدر ٹرمپ نے کیا ہے جبکہ ٹھیکے بھی معمول کے مسابقتی عمل کے بغیر دیے گئے ہیں جس پر شفافیت اور اخراجات سے متعلق سوالات اُٹھ رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اس حوالے سے ماہرین کا کہنا ہے کہ جہازوں کی خریداری کے علاوہ ان کی دیکھ بھال، بندرگاہی سہولتوں اور عملے کی بھرتی کے لیے بھی مزید اربوں ڈالر درکار ہوں گے لیکن اس حوالے سے کوئی واضح طویل مدتی منصوبہ سامنے نہیں آیا ہے۔ وائٹ ہاؤس نے منصوبے کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ آرکٹک میں بڑھتی عالمی مسابقت کے پیشِ نظر امریکہ کی موجودگی مضبوط بنانا ضروری ہے جبکہ ٹرمپ کا موقف ہے کہ روس کے مقابلے میں امریکہ کے پاس برف شکن جہاز بہت کم ہیں۔ امریکی ساحلی محافظ ادارے کے مطابق روس کے پاس اس وقت 56 اور چین کے پاس 5 برف شکن جہاز موجود ہیں تاہم ماہرین کا کہنا ہے کہ روس کی آرکٹک ضروریات امریکا سے مختلف ہیں، اس لیے دونوں کا براہِ راست موازنہ درست نہیں۔ رپورٹ کے مطابق برف شکن جہازوں میں ٹرمپ کی دلچسپی 1992ء میں فن لینڈ کے دورے کے دوران پیدا ہوئی تھی جو صدر بننے کے بعد بھی برقرار رہی اور 2025ء میں فن لینڈ کے صدر کے ساتھ ملاقات کے بعد اس منصوبے کو عملی شکل دی گئی۔

## بلوچستان میں کارروائیاں، 12 دہشت گرد ہلاک



کوئٹہ، 6 اگست (یو این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 12 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 5 اور 6 اگست کو کارروائیاں "ردالفتنہ 3" کے تحت جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے سلسلے کا حصہ تھیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 5 اگست کو بلوچستان کے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز نے 6 دہشت گردوں کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا۔ سیکورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی میں 6 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ 6 اگست کو مستونگ میں ایک اور کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں مزید 6 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کا ایک ٹھکانہ بھی تباہ کر دیا گیا۔

## امریکہ سمجھتا تھا وہ شام کی طرح ایران میں بھی حکومت الٹ دے گا: مسعود پزشکیان



تہران، 6 اگست (یو این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکہ سمجھتا تھا کہ جنگ اور پابندیوں کے ذریعے شام کی طرح ایران میں بھی حکومت کا تختہ الٹ دیا جائے گا مگر اسے ناکامی ہوئی۔ ایک انٹرویو میں ایرانی صدر نے کہا کہ نئے سپریم لیڈر نے ایران کو متحد اور مضبوط بنایا ہوا ہے، ایرانی عوام کے حوصلے اور عزم نے دشمن کے ارادے ناکام بنا دیے۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ دشمن نے سازش کی تھی کہ اڑتالیس گھنٹے میں ایرانی حکومت کا تختہ الٹ دیا جائے گا مگر تمام تر مشکلات کے باوجود ایران آج طاقتور اور باوقار ملک کہلاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں امریکہ اور اسرائیل کی یہ منطق سمجھ نہیں آتی کہ وہ کیوں ایرانی یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کو نشانہ بناتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ امریکہ ہر اس علامت کے خلاف ہے جو ایرانی عوام کو آزاد اور تخلیق کار بناتی ہے۔ دشمن نہیں چاہتا کہ کوئی بھی قابل شخص ایران میں قائدانہ کردار ادا کرے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ایران کے زیادہ تر شہید کمانڈر اور سائنس دان سادہ زندگی گزارتے تھے۔ ان کا ذاتی گھر تک نہ تھا جو انکے بے لوث جذبے کی علامت ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اقتصادی اور سیکیورٹی چیلنجز کے باوجود قومی اتحاد نے ایران کو ناقابل تسخیر بنایا ہوا ہے۔ ایک سوال پر ایرانی صدر نے کہا کہ سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای سے رابطے بہت مشکل ہیں مگر انکی موجودگی ایرانی عوام کے لیے غیر معمولی طاقت کا سبب ہے۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا کہ سپریم لیڈر نے اہم معاملے پر اتفاق رائے سے متعلق ماہرین کی رائے قبول کر لی تھی۔ اگر تین چوتھائی ووٹ حق میں آئے تو معاملہ قبول کر لیا جائے گا۔

## کویت میں ایرانی اسکول کی بندش کا حکم

ایران جنگ کے باعث تہران اور خلیجی عرب ریاستوں کے مابین پائی جانے والی کشیدگی کے پس منظر میں کویت میں حکام نے اس ملک میں کام کرنے والے ایک مقامی ایرانی اسکول کی بندش کا حکم دے دیا ہے۔ یہ بات کویت سٹی میں ملکی وزارت تعلیم کے ایک ذریعے نے جمعرات چھ اگست کے روز نیوز ایجنسی اے ایف پی کو بتائی۔ کویت کو بھی ایران جنگ میں تہران کی طرف سے اپنے خلاف بار بار کیے جانے والے حملوں کا سامنا کرنا پڑتا رہا ہے۔ اے ایف پی کے مطابق وزارت تعلیم کے اس ذریعے نے ایرانی اسکول بند کیے جانے کے حکم کی کوئی وجہ نہیں بتائی۔ لیکن یہ بات مسلمہ ہے کہ خلیج کی کئی دیگر ریاستوں کی طرح کویت بھی ان ممالک میں شامل ہے، جہاں موجود امریکی فوجیوں کو نشانہ بنانے کے لیے تہران بار بار حملے کرتا رہا ہے۔ کئی خلیجی ممالک خطے میں امریکی فوجی دستوں، فضائیہ اور بحریہ کے اڈوں کی میزبانی کرتے ہیں اور ایران کی طرف سے ان عرب ریاستوں پر فضائی حملے خاص طور پر اس وقت سے زیادہ ہو چکے ہیں، جب جون میں طے پانے والا ایک عبوری امریکی ایرانی فائر بندی معاہدہ ناکام ہو گیا تھا۔

## لائیو اسٹریمنگ کے دوران میکسیکن انفلوئنسر قتل





میکسیکو سٹی، 6 اگست (یو این آئی) ٹک ٹاک پر لائیو اسٹریمنگ کے دوران میکسیکو کے سوشل میڈیا انفلوئنسر کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹک ٹاک پر تقریباً ساڑھے 6 لاکھ فالوورز رکھنے والے میکسیکن سوشل میڈیا انفلوئنسر سیزر گاستیلم کو اس وقت گولی مار کر قتل کر دیا گیا جب وہ 2 دیگر افراد کے ساتھ ایک کار پارکنگ میں لائیو اسٹریمنگ کر رہے تھے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ منگل کے روز میکسیکو کی ریاست سینالوا کے دارالحکومت کولیا کان میں پیش آیا، فائرنگ کا واقعہ مقامی پراسیکیوٹر کے دفتر کے قریب رونما ہوا۔ خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق لائیو اسٹریمنگ کی ویڈیو میں سیزر گاستیلم کو ایک ریسٹورنٹ کی کار پارکنگ میں 2 افراد کے ساتھ ہنستے اور گفتگو کرتے دیکھا جا سکتا ہے، اسی دوران موٹر سائیکل پر سوار 2 افراد وہاں پہنچے، جن میں سے ایک حملہ آور نے پستول نکال کر گاستیلم پر فائرنگ کی، جس کے بعد دونوں حملہ آور موقع سے فرار ہو گئے۔ میکسیکو کی صدر کلاڈیا شین باؤم نے گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں یہ معلوم کرنا ہوگا کہ اس قتل کی وجوہات کیا تھیں، اس جرم میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جانا چاہیے۔ سیزر گاستیلم اپنے سوشل میڈیا مواد میں خود کو اکثر بیلیکو کہتے تھے، جو میکسیکو کی بعض ذیلی ثقافتوں میں ایسے افراد کے لیے استعمال ہونے والی اصطلاح ہے جنہیں منشیات فروش کارٹیل کلچر سے منسلک سمجھا جاتا ہے۔ حکام کے مطابق واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ ابتدائی شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ گاستیلم نے اپنی بعض ویڈیوز میں ایک مجرمانہ گروہ کے ایک دھڑے کی جانب اشارے کیے تھے۔


## ٹرمپ کے گالف کورس کے قریب مشکوک شخص گرفتار

کیلیفورنیا، 6 اگست (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے گالف کورس کے قریب سے مشتبہ شخص کو گرفتار کر کے گولیوں سے بھری پستول برآمد کر لی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کیلیفورنیا میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے گالف کلب کے قریب سے پولیس نے ایک 38 سالہ مشتبہ شخص جینین جان کو گرفتار کیا ہے، جس کے قبضے سے گولیوں سے بھری ایک پستول بھی برآمد کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مشتبہ شخص کی یہ گرفتاری امریکی صدر کے گلف کلب میں ہونے والے ری پبلکن نیشنل کمیٹی کے فنڈ ریزر پروگرام سے دو روز قبل کی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق جس شخص کو گرفتار کیا گیا ہے۔

## واشنگٹن میں فضائی تحفظ پر سوال، ٹرمپ کے ہیلی کاپٹر سے متعلق واقعے کی تحقیقات

واشنگٹن، 6 اگست (یو این آئی) امریکی حکام نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے زیرِ استعمال صدارتی ہیلی کاپٹر میرین ون اور ایک مسافر بردار طیارے کے درمیان مبینہ طور پر محفوظ فاصلہ برقرار نہ رہنے کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ وائٹ ہاؤس نے واضح کیا ہے کہ اس واقعے کے دوران صدر ٹرمپ کسی بھی قسم کے خطرے سے دوچار نہیں تھے۔ نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق منگل کے روز واشنگٹن کی فضائی حدود میں فضائی ٹریفک کنٹرول سے ہونے والی مبہم مواصلات کے باعث میرین ون اور ایک تجارتی مسافر طیارہ ایک دوسرے سے ایک میل سے بھی کم فاصلے پر آ گئے۔ امریکی نیشنل ٹرانسپورٹیشن سیفٹی بورڈ (NTSB) نے تصدیق کی ہے کہ وہ 4 اگست کو رونالڈ ریگن واشنگٹن نیشنل ایئرپورٹ (DCA) سے روانہ ہونے والے ایک کمرشل طیارے اور میرین ون کے درمیان محفوظ فاصلہ برقرار نہ رہنے کے واقعے کی تحقیقات کر رہا ہے۔ وائٹ ہاؤس کے ترجمان کُش دیسائی نے خبر رساں ادارے اے ایف پی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرین ون دنیا کے بہترین پائلٹس اڑاتے ہیں اور کسی بھی لمحے صدر کی جان کو کوئی خطرہ لاحق نہیں تھا۔ امریکی فضائی ریگولیٹری ادارے فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن (FAA) کے مطابق واقعے کے دوران ایئر ٹریفک کنٹرولر مسلسل میرین ون اور کمرشل طیارے دونوں کے پائلٹس سے رابطے میں تھا۔ ایف اے اے نے اپنے بیان میں کہا کہ صدر کبھی بھی خطرے میں نہیں تھے، ہم واقعے کا جائزہ لے رہے ہیں اور تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ضرورت پڑنے پر مناسب اصلاحی اقدامات کیے جائیں گے۔ وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق ایسے حالات میں حفاظتی اصولوں کے تحت دونوں طیاروں کے درمیان کم از کم ڈیڑھ میل افقی اور 500 فٹ عمودی فاصلہ برقرار رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ واقعہ مقامی وقت کے مطابق دوپہر تقریباً 2:30 بجے پیش آیا، جب امریکن ایئرلائنز کی ذیلی کمپنی انوائے ایئر (Envoy Air) کا ایک ایمبریئر E-170 مسافر طیارہ واشنگٹن نیشنل ایئرپورٹ سے روانہ ہوا۔ اسی دوران میرین ون اینڈریوز ایئر فورس بیس جا رہا تھا، جہاں سے صدر ٹرمپ نے اپنا صدارتی طیارہ لے کر کیلیفورنیا روانہ ہونا تھا۔ واقعے پر نہ تو امریکن ایئرلائنز اور نہ ہی امریکی میرین کور نے فوری طور پر کوئی تبصرہ کیا، جو میرین ون ہیلی کاپٹر چلاتی ہے۔ واضح رہے کہ جنوری 2025 میں واشنگٹن نیشنل ایئرپورٹ کے قریب ایک مسافر بردار طیارے اور امریکی فوج کے بلیک ہاک ہیلی کاپٹر کے درمیان تصادم میں 67 افراد ہلاک ہونے کے بعد ایف اے اے نے اس علاقے میں فضائی تحفظ کے قواعد مزید سخت کر دیے ہیں۔

## سلوان میں فلسطینیوں کے گھر مسمار



یروشلم، 6 اگست (یو این آئی) مقبوضہ بیت المقدس کے علاقے سلوان میں فلسطینیوں کے گھروں کی مسماری اور زمینوں پر قبضے سے متعلق برطانوی میڈیا کی رپورٹ میں اہم حقائق سامنے آئے ہیں۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ایک نامور اسرائیلی وکیل نے فلسطینیوں کو ان کے آبائی گھروں سے بے دخل کرنے کی اسرائیلی پالیسی کو نسلی صفائی کے مترادف قرار دیا ہے۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ میں یہ بھی انکشاف کیا گیا ہے کہ گھروں کی مسلسل مسماری کے خوف نے فلسطینی خاندانوں کی روزمرہ کی زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ دوسری جانب فلسطینی رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ان کے مکانات کو غیر قانونی تعمیرات قرار دے کر مسمار کیا جا رہا ہے۔

# جو بائیڈن کی نئی آڈیو ریکارڈنگز میں اہم انکشافات



واشنگٹن، 6 اگست (یو این آئی) قانونی جنگ کے بعد جاری ہونے والی سابق امریکی صدر جو بائیڈن کی نئی جاری کردہ آڈیو ریکارڈنگز میں اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ مذکورہ آڈیو ریکارڈنگز میں ان کی ایک گھوسٹ رائٹر کے ساتھ گفتگو اور یادداشت سے متعلق مشکلات سامنے آئی ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے مطابق دائیں بازو کے گروپ اوور سائٹ پروجیکٹ نے حال ہی میں بائیڈن اور ان کے سوانح نگار مارک لیوس زوونٹزر کے درمیان ہونے والی گفتگو کی آڈیو کلپس جاری کیں۔ یہ ریکارڈنگز بظاہر سابق اسپیشل کونسل رابرٹ ہر کی 2024ء کی رپورٹ میں سامنے آنے والے نکات کی تائید کرتی ہیں، جس میں کہا گیا تھا کہ بائیڈن نے خفیہ معلومات افشا کیں، انہیں یادداشت کے مسائل درپیش تھے اور نائب صدر کے عہدے سے سبکدوش ہونے کے بعد بھی ان کے پاس کچھ خفیہ مواد موجود تھا۔ آڈیو ریکارڈنگز میں بائیڈن کو اپنے نائب صدارت کے دور کے نوٹس کے بارے میں گفتگو کرتے سنا جا سکتا ہے، جو انہوں نے مبینہ طور پر مارک لیوس زوونٹزر کو دکھائے تھے۔ یہ نوٹس مبینہ طور پر ان کی نائب صدارت کے دوران خارجہ پالیسی سے متعلق معاملات سے وابستہ تھے، تاہم جاری کردہ آڈیو کلپس میں متعلقہ معلومات کو اب بھی حذف شدہ حالت میں رکھا گیا ہے۔ فروری 2017ء میں سابق صدر کے وائٹ ہاؤس چھوڑنے کے ایک ماہ بعد ریکارڈ کی گئی گفتگو میں بائیڈن کو گھوسٹ رائٹر سے یہ کہتے ہوئے سنا جا سکتا ہے کہ انہیں یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ میرے پاس یہ موجود ہے۔ ایک موقع پر بائیڈن نے کہا کہ مجھے ابھی نیچے سے تمام خفیہ مواد ملا ہے۔ اکتوبر 2016ء کی ایک اور ریکارڈنگ میں، جب وہ صدر براک اوباما کے نائب صدر تھے، بائیڈن مارک لیوس زوونٹزر کو کہتے ہیں کہ میرے پاس اس پورے عرصے کے حوالے سے تفصیلی نوٹس موجود ہیں، انہیں (وائٹ ہاؤس کو) معلوم نہیں تھا کہ میرے پاس یہ موجود ہیں۔ ریکارڈنگز میں کئی ایسے لمحات بھی شامل ہیں جہاں جو بائیڈن کو تاریخوں اور تفصیلات کو یاد کرنے میں دشواری کا سامنا کرتے سنا جا سکتا ہے۔ رابرٹ ہر نے بالآخر بائیڈن کے خلاف مقدمہ چلانے سے گریز کیا، ان کا کہنا تھا کہ بائیڈن نے تحقیقات میں تعاون کیا، جان بوجھ کر غلط کاری کے شواہد موجود نہیں تھے اور ان کی یادداشت کے مسائل جیوری کے فیصلے پر اثر انداز ہو سکتے تھے۔ اوور سائٹ پروجیکٹ نے کہا کہ انہوں نے مذکورہ ٹیپس کو منظر عام پر لانے کے لیے بھرپور جدوجہد کی، حالانکہ یہ ریکارڈنگز بہت پہلے جاری ہو جانی چاہیے تھیں۔ رپورٹ کے مطابق بائیڈن کے 2021ء سے 2025ء تک صدر رہنے کے دوران امریکی محکمہ انصاف نے یہ آڈیو ریکارڈنگز جاری کرنے سے انکار کیا تھا، تاہم مئی میں بائیڈن کے ذاتی وکلا نے ریکارڈنگز کو نجی رکھنے کے لیے محکمہ انصاف کے خلاف مقدمہ دائر کیا لیکن قانونی ناکامیوں کے بعد انہوں نے یہ مقدمہ واپس لے لیا۔

# خاندان کی تعمیر میں والد کا کردار

نازش احتشام اعظمی



خاندان انسانی معاشرے کی پہلی درسگاہ، پہلی پناہ گاہ اور پہلی تربیت گاہ ہے۔ انسان جب اس دنیا میں آنکھ کھولتا ہے تو وہ کسی ریاست، ادارے یا معاشرے سے پہلے ایک خاندان کا حصہ بنتا ہے۔ اسی خاندان کے ماحول میں اس کی شخصیت کے ابتدائی نقوش بنتے ہیں، اس کی سوچ کی سمت متعین ہوتی ہے، اس کے جذبات پروان چڑھتے ہیں اور اس کے اخلاق و کردار کی بنیادیں استوار ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے تمام مذاہب، تہذیبوں اور معاشرتی نظاموں نے خاندان کو غیر معمولی اہمیت دی ہے، کیونکہ ایک مضبوط خاندان ہی ایک مضبوط معاشرے اور ایک مستحکم قوم کی بنیاد بنتا ہے۔ اس خاندانی نظام میں اگرچہ ماں اور باپ دونوں یکساں طور پر اہم ہیں، لیکن والد کا کردار اپنی نوعیت، وسعت اور اثرات کے اعتبار سے نہایت منفرد اور فیصلہ کن حیثیت رکھتا ہے۔ وہ صرف ایک فرد نہیں بلکہ خاندان کے لیے ایک سایہ دار درخت، ایک مضبوط ستون، ایک محافظ حصار اور ایک روشن مینار کی حیثیت رکھتا ہے جس کی موجودگی خاندان کے ہر فرد کو تحفظ، اعتماد اور استحکام کا احساس عطا کرتی ہے۔ تاریخ انسانی پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر دور میں والد کو خاندان کا نگہبان اور ذمہ دار تصور کیا گیا ہے۔ اگرچہ زمانے کے ساتھ ساتھ سماجی ڈھانچے، معاشی حالات اور خاندانی ذمہ داریوں کی نوعیت میں بہت سی تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں، لیکن والد کی بنیادی اہمیت آج بھی اسی طرح برقرار ہے جیسے ماضی میں تھی۔ البتہ جدید دور میں والد کا کردار صرف معاشی کفالت تک محدود نہیں رہا بلکہ وہ بچوں کی فکری، تعلیمی، اخلاقی اور جذباتی تربیت میں بھی براہِ راست شریک ہو گیا ہے۔ اب ایک کامیاب والد وہ نہیں سمجھا جاتا جو صرف گھر کے اخراجات پورے کر دے، بلکہ وہ ہے جو اپنے بچوں کی شخصیت سازی میں عملی طور پر شریک ہو، ان کے جذبات کو سمجھے، ان کی مشکلات کو سنے، ان کی رہنمائی کرے اور انہیں زندگی کے مختلف مراحل میں اعتماد اور محبت کے ساتھ سہارا فراہم کرے۔ والد دراصل خاندان کی استقامت اور پائیداری کی علامت ہوتا ہے۔ اس کی موجودگی گھر کے ماحول میں



ایک ایسا اطمینان پیدا کرتی ہے جسے الفاظ میں مکمل طور پر بیان کرنا ممکن نہیں۔ بچے جب اپنے والد کو محنت کرتے، مشکلات کا سامنا کرتے، ذمہ داریاں نبھاتے اور حالات کے نشیب و فراز میں ثابت قدم رہتے دیکھتے ہیں تو ان کے اندر بھی زندگی کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

والد کی شخصیت بچوں کے لیے ایک زندہ مثال ہوتی ہے۔ وہ جو کچھ کہتا ہے، اس سے زیادہ اثر اس کے کردار اور عمل کا ہوتا ہے۔ بچے نصیحتوں سے کم اور مشاہدے سے زیادہ سیکھتے ہیں۔ اس لیے ایک باکردار والد اپنی خاموش زندگی کے ذریعے بھی ایسی تعلیم دے جاتا ہے جو کسی کتاب، درسگاہ یا لیکچر سے حاصل نہیں ہو سکتی۔ خاندان کی معاشی ضروریات کو پورا کرنا والد کی اہم ترین ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ خوراک، لباس، رہائش، تعلیم اور صحت جیسی بنیادی ضروریات کی فراہمی کے لیے والد جو مسلسل جدوجہد کرتا ہے، وہ دراصل اس کی محبت اور ذمہ داری کے احساس کا عملی اظہار ہوتی ہے۔ اکثر والدین خصوصاً والد اپنی خواہشات، آرام اور آسائشوں کو قربان کر دیتے ہیں تا کہ ان کے بچے بہتر زندگی گزار سکیں۔ دنیا میں بے شمار ایسے والد موجود ہیں جو اپنی زندگی کی بہترین توانائیاں، اپنی جوانی، اپنا سکون اور اپنی آسائشیں اپنی اولاد کے مستقبل پر قربان کر دیتے ہیں۔ بچے عموماً اس قربانی کی گہرائی کو اس وقت سمجھتے ہیں جب وہ خود عملی زندگی میں قدم رکھتے ہیں اور ذمہ داریوں کے بوجھ کو محسوس کرتے ہیں۔ تاہم والد کا کردار صرف مالی کفالت تک محدود نہیں ہوتا۔ ایک باپ دراصل خاندان کا جذباتی محافظ بھی ہوتا ہے۔ اس کی محبت، شفقت اور توجہ بچوں کی نفسیاتی نشوونما میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ جدید نفسیاتی تحقیقات اس حقیقت کو واضح طور پر ثابت کر چکی ہیں کہ وہ بچے جنہیں اپنے والد کی محبت، توجہ اور قربت حاصل ہوتی ہے، ان میں خود اعتمادی زیادہ ہوتی ہے، وہ ذہنی دباؤ کا بہتر مقابلہ کرتے ہیں اور ان کے سماجی تعلقات نسبتاً زیادہ متوازن ہوتے ہیں۔ والد کی ایک حوصلہ افزا بات، ایک شفقت بھرا لمس، ایک محبت بھری مسکراہٹ اور ایک اعتماد بخش جملہ بعض اوقات بچے کی پوری زندگی کا رخ بدل دیتا ہے۔ والد بچوں کے اخلاقی کردار کی تعمیر میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ انسانی شخصیت کی تعمیر میں اخلاقی اقدار کی حیثیت بنیاد کی سی ہوتی ہے۔ اگر یہ بنیاد مضبوط ہو تو زندگی کی عمارت مستحکم رہتی ہے، اور اگر یہ کمزور ہو تو انسان بظاہر کامیاب ہونے کے باوجود اندر سے کھوکھلا رہ جاتا ہے۔ والد اپنی روزمرہ زندگی کے ذریعے بچوں کو سچائی، دیانت داری، امانت، انصاف، صبر، تحمل اور ذمہ داری کا درس دیتا ہے۔ جب بچہ اپنے والد کو وعدہ نبھاتے، حق بات کہتے، دوسروں کے حقوق کا احترام کرتے اور مشکلات کے باوجود دیانت داری پر قائم رہتے دیکھتا ہے تو یہ منظر اس کے ذہن میں گہرا نقش چھوڑ جاتا ہے۔ یوں والد صرف الفاظ کے ذریعے نہیں بلکہ اپنے کردار کے ذریعے اخلاقی تربیت کا عظیم فریضہ انجام دیتا ہے۔ والد کی ایک اور اہم ذمہ داری بچوں کی تعلیمی اور فکری تربیت ہے۔ تعلیم صرف اسکول اور کالج تک محدود نہیں ہوتی بلکہ اس کا آغاز گھر سے ہوتا ہے۔ ایک باشعور والد اپنے بچوں کے ذہن میں علم کی محبت پیدا کرتا ہے، سوال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور انہیں غور و فکر کی عادت سکھاتا ہے۔ وہ بچوں کو صرف نصابی کتابوں تک محدود نہیں رکھتا بلکہ زندگی کو سمجھنے، مشاہدہ کرنے اور تجربات سے سیکھنے کی ترغیب دیتا ہے۔ جب والد بچوں کے ساتھ بیٹھ کر ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں دلچسپی لیتا ہے، ان کی کامیابیوں پر خوشی کا اظہار کرتا ہے اور ناکامیوں میں ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے تو بچے تعلیم کو محض ایک بوجھ کے بجائے ترقی اور خود سازی کا ذریعہ سمجھنے لگتے ہیں۔ زندگی میں اعتماد اور خود انحصاری پیدا کرنا بھی والد کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ ہر بچہ ابتدا میں کمزور، محتاج اور دوسروں پر انحصار کرنے والا ہوتا ہے، لیکن رفتہ رفتہ اسے خود مختار اور ذمہ دار انسان بننا ہوتا ہے۔ اس سفر میں والد کی رہنمائی انتہائی اہم ہوتی ہے۔ ایک سمجھدار والد اپنے بچوں کو ہر مشکل سے بچانے کے بجائے انہیں مشکلات کا سامنا کرنا سکھاتا ہے۔ وہ ان کی غلطیوں پر صرف تنقید نہیں کرتا بلکہ انہیں غلطیوں سے سیکھنے کا موقع دیتا ہے۔ وہ ان پر اعتماد کرتا ہے، انہیں ذمہ داریاں دیتا ہے اور ان کی صلاحیتوں پر یقین رکھتا ہے۔ یہی اعتماد بچوں کے اندر خود اعتمادی پیدا کرتا ہے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ خاندان کے اندر محبت، احترام اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے میں بھی والد کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ بچے اپنے والدین کے تعلقات کو دیکھ کر تعلقات کی نوعیت سیکھتے ہیں۔ اگر والد اپنی شریکِ حیات کے ساتھ احترام، محبت اور عزت کا برتاؤ کرتا ہے تو بچے بھی انہی رویوں کو اپنی شخصیت کا حصہ بنا لیتے ہیں۔ گھر کا ماحول دراصل بچوں کے لیے ایک عملی تربیت گاہ ہوتا ہے۔ وہاں وہ سیکھتے ہیں کہ اختلافات کو کیسے حل کیا جاتا ہے، دوسروں کے جذبات کا احترام کیسے کیا جاتا ہے اور محبت و تعاون کے ساتھ زندگی کیسے گزاری جاتی ہے۔ اس لحاظ سے والد صرف ایک فرد نہیں بلکہ پورے خاندانی کلچر کا معمار ہوتا ہے۔ والد خاندان کی ثقافتی، مذہبی اور تہذیبی روایات کو اگلی نسل تک منتقل کرنے کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔ ہر خاندان کی اپنی ایک تاریخ، ایک روایت اور ایک شناخت ہوتی ہے۔ والد اپنے تجربات، کہانیوں، نصیحتوں اور عملی زندگی کے ذریعے بچوں کو ان کی جڑوں سے جوڑے رکھتا ہے۔ وہ انہیں ان کے آباؤ اجداد کی جدوجہد، خاندان کی اقدار اور معاشرتی ذمہ داریوں سے روشناس کراتا ہے۔ اس عمل کے ذریعے بچوں کے اندر اپنی شناخت کا شعور پیدا ہوتا ہے اور وہ اپنے ماضی اور اپنے ورثے سے تعلق محسوس کرتے ہیں۔ مذہبی اعتبار سے بھی والد کی ذمہ داری نہایت اہم ہے۔ وہ بچوں کی روحانی تربیت، عبادات کی ترغیب، اخلاقی شعور اور خدا سے تعلق پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایک دیندار اور صالح والد اپنے عمل کے ذریعے بچوں کے دلوں میں نیکی، تقویٰ، شکرگزاری اور خدمتِ خلق کے جذبات پیدا کرتا ہے۔ وہ انہیں صرف دنیاوی کامیابی کا سبق نہیں دیتا بلکہ آخرت کی جواب دہی اور انسانی ذمہ داریوں کا شعور بھی عطا کرتا ہے۔ اگر ہم جدید دور کے حالات کا جائزہ لیں تو والد کے سامنے چیلنجز پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ بڑھ چکے ہیں۔ معاشی دباؤ، بڑھتی ہوئی مہنگائی، پیشہ ورانہ مصروفیات، تیز رفتار زندگی اور ٹیکنالوجی کی یلغار نے خاندانی تعلقات کی نوعیت کو پیچیدہ بنا دیا ہے۔ بہت سے والدین اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کے لیے دن رات محنت کرتے ہیں، لیکن اسی محنت کے نتیجے میں ان کے پاس بچوں کے لیے وقت کم رہ جاتا ہے۔ یہ ایک بڑا المیہ ہے کہ بعض اوقات بچے ہر آسائش رکھتے ہیں لیکن والد کی قربت اور توجہ سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اس لیے آج کے دور میں ضرورت اس بات کی ہے کہ والد صرف وقت کی مقدار پر نہیں بلکہ وقت کے معیار پر توجہ دیں۔ چند لمحے بھی اگر پوری توجہ، محبت اور خلوص کے ساتھ بچوں کو دیے جائیں تو وہ ان کے لیے زندگی بھر کا سرمایہ بن سکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک اچھا والد صرف اپنے بچوں کا مستقبل نہیں بناتا بلکہ پورے معاشرے کے مستقبل کو سنوارتا ہے۔ آج کا بچہ کل کا شہری، رہنما، استاد، سائنس دان، عالم، ڈاکٹر یا حکمران بنے گا۔ اگر اس کی تربیت مضبوط بنیادوں پر ہوئی ہوگی تو وہ معاشرے کے لیے مثبت کردار ادا کرے گا۔ اس اعتبار سے والد کی ذمہ داری صرف اپنے خاندان تک محدود نہیں رہتی بلکہ اس کے اثرات پورے معاشرے تک پھیلتے ہیں۔ ایک صالح، باکردار اور ذمہ دار والد درحقیقت ایک بہتر معاشرے کی تعمیر میں خاموش مگر بنیادی کردار ادا کر رہا ہوتا ہے۔ بالآخر یہ کہنا بجا ہوگا کہ والد خاندان کے آسمان پر وہ آفتاب ہے جس کی روشنی سے محبت، اعتماد، استحکام اور امید کی کرنیں پھوٹتی ہیں۔ وہ وہ سایہ دار درخت ہے جس کی چھاؤں میں اولاد زندگی کی سخت دھوپ سے محفوظ رہتی ہے۔ وہ وہ مضبوط دیوار ہے جس کے سہارے خاندان خود کو محفوظ محسوس کرتا ہے۔ اس کی محنت، قربانیاں، دعائیں، رہنمائی اور بے لوث محبت ایسی نعمتیں ہیں جن کی حقیقی قدر اکثر وقت گزرنے کے بعد محسوس ہوتی ہے۔ ایک باپ کی خاموش جدوجہد، اس کی بے شمار قربانیاں اور اس کی مسلسل فکر دراصل خاندان کی بقا اور ترقی کی ضامن ہوتی ہیں۔ مضبوط خاندان مضبوط معاشرے پیدا کرتے ہیں اور مضبوط خاندانوں کے پیچھے اکثر ایک ذمہ دار، باکردار، محبت کرنے والا اور ایثار پیشہ والد کھڑا ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خاندان کی تعمیر میں والد کا کردار محض اہم نہیں بلکہ ناگزیر، بنیادی اور تاریخ ساز حیثیت رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆

# انسان کا مکر اور اللہ کی تدبیر

**انسانی گمرہی کی ایک وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ: "کافروں کے لیے ان کے اعمال خوشنما بنا دیے گئے ہیں" ان میں عام لوگوں کا انکار تو اپنی ذات تک محدود ہوتا ہے مگر منکرین حق کے پیشواوں کی بابت فرمایا گیا: "اسی طرح ہم نے ہر بستی میں اس کے بڑے بڑے مجرموں کو لگا دیا ہے کہ وہاں اپنے مکر و فریب کا جال پھیلائیں"۔ یہ دراصل آزادیٔ فکر و عمل کا بیجا استعمال ہے مگر: "دراصل وہ اپنے فریب کے جال میں آپ پھنستے ہیں، اُنہیں اس کا شعور نہیں ہے"۔ اس کی تازہ ترین مثال رام مندر میں چندہ چوری کا مسئلہ ہے۔ بابری مسجد کو شہید کرکے وہاں مندر بنانے والوں نے کبھی سوچا بھی نہیں ہوگا کہ ان کا یہ ظلم ایک دن اپنے گلے ہڈی بن جائے گا۔ ایوان پارلیمان سے لے کر یو پی کی اسمبلی تک 'چندہ چور گدی چھوڑ' کے نعرے لگیں گے۔ ایوان پارلیمان کے احاطے میں اس پر نکڑ ناٹک ہوگا۔ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ شرم سے منہ چھپاتے پھریں گے۔ خود کو دبنگ سمجھنے والے یوگی مہاراج کو اپنی تقریر ادھوری چھوڑ کر بھاگنا پڑے گا۔ بڑے ارمانوں سے بنایا جانے والا مندر اب ذلت و رسوائی کا سبب بن چکا ہے۔**

ڈاکٹر سلیم خان



ارشادِ ربانی ہے: "کیا وہ شخص جو پہلے مُردہ تھا پھر ہم نے اسے زندگی بخشی اور اس کو وہ روشنی عطا کی جس کے اجالے میں وہ لوگوں کے درمیان زندگی کی راہ طے کرتا ہے اُس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو تاریکیوں میں پڑا ہوا ہو اور کسی طرح اُن سے نہ نکلتا ہو؟" ابتدائے آفرینش میں تمام ارواح سے یہ گواہی لینے کے بعد کہ 'اللہ ہی رب ہے' انہیں ایک خاص مدت تک کے لیے موت کی نیند سلا دیا گیا۔ اس کے بعد اپنے اپنے وقتِ مقررہ پر ان ارواح کو جسم کا لباس پہنا کر عارضی طور دنیا میں آزمائش کے لیے بھیج کر مردنی کو زندگی میں بدل دیا جاتا ہے۔ انسانوں کی ہدایت کے لیے اس کے نفس کو استوار کرنے کے بعد آفاق و انفس میں بے شمار نشانیاں پھیلانے کے ساتھ انبیائے کرام کا سلسلہ جاری فرما کر ان پر کتاب نازل کی گئی۔ اس کے باوجود منہ موڑ کر گمراہی کی تاریکی کو پسند کرنے والوں کے ساتھ نورِ ہدایت کے مطابق زندگی گزارنے والے بھی ہیں۔ ان دو طرح کے انسانوں کا موازنہ کر کے سوال کیا گیا ہے کہ کیا یہ م اپنے انجام کار کے لحاظ سے یکساں ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔

انسانی گمرہی کی ایک وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ: "کافروں کے لیے ان کے اعمال خوشنما بنا دیے گئے ہیں" ان میں عام لوگوں کا انکار تو اپنی ذات تک محدود ہوتا ہے مگر منکرین حق کے پیشواوں کی بابت فرمایا گیا: "اسی طرح ہم نے ہر بستی میں اس کے بڑے بڑے مجرموں کو لگا دیا ہے کہ وہاں اپنے مکر و فریب کا جال پھیلائیں"۔ یہ دراصل آزادیٔ فکر و عمل کا بیجا استعمال ہے مگر: "دراصل وہ اپنے فریب کے جال میں آپ پھنستے ہیں، اُنہیں اس کا شعور نہیں ہے"۔ اس کی تازہ ترین مثال رام مندر میں چندہ چوری کا مسئلہ ہے۔ بابری مسجد کو شہید کر کے وہاں مندر بنانے والوں نے کبھی سوچا بھی نہیں ہوگا کہ ان کا یہ ظلم ایک دن اپنے گلے ہڈی بن جائے گا۔ ایوان پارلیمان سے لے کر یو پی کی اسمبلی تک 'چندہ چور گدی چھوڑ' کے نعرے لگیں گے۔ ایوان پارلیمان کے احاطے میں اس پر نکڑ ناٹک ہوگا۔ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ شرم سے منہ چھپاتے پھریں گے۔ خود کو دبنگ سمجھنے والے یوگی مہاراج کو اپنی تقریر ادھوری چھوڑ کر بھاگنا پڑے گا۔ بڑے ارمانوں سے بنایا جانے والا مندر اب ذلت و رسوائی کا سبب بن چکا ہے۔

ارشادِ قرآنی ہے: "جب تکلیف پہنچنے کے بعد ہم نے لوگوں کو ذرا رحمت کا مزہ چکھا دیا تو فوراً ہماری آیتوں میں مکاری کرنے لگے"۔ اپنے یومِ جنم کے فوراً بعد بی جے پی دو ارکان پارلیمان پر سمٹ گئی مگر پھر جب ان کی طاقت میں اضافہ ہوا۔ وی پی سنگھ نے منڈل نافذ کیا تو اس کے خلاف اڈوانی کمنڈل لے کر رتھ یاترا پر نکل کھڑے ہوئے۔ ایسی مکاری کرنے والوں کو خبردار کیا جاتا ہے: "تو آپ کہہ دیجئے کہ خدا تم سے تیز تر تدبیریں کرنے والا ہے اور ہمارے نمائندے تمہارے مکر کو برابر لکھ رہے ہیں"۔ بابری مسجد کو شہید کرنے کے بعد ان لوگوں نے عدالت سے اپنے حق میں فیصلہ بھی کر لیا۔ اس بابت ارشادِ قرآنی ہے: "انہوں نے (دولت و اقتدار کے نشہ میں بدمست ہو کر) اپنی طرف سے بڑی فریب کاریاں کیں جبکہ اللہ کے پاس ان کے ہر فریب کا توڑ تھا، اگرچہ ان کی مکارانہ تدبیریں ایسی تھیں کہ ان سے پہاڑ بھی اکھڑ جائیں"۔ موجودہ حکومت نے جلد بازی میں الیکشن کے سے قبل آدھے ادھورے مندر کا افتتاح کر کے کامیابی حاصل کرنے کی مذموم کوشش کی مگر وہ چار سو پار تو دور معمولی اکثریت بھی حاصل نہیں کر سکے۔ ایودھیا جہاں مندر بنا تھا اس نشست کو بھی گنوا کر بیسا کھیوں پر سرکار بنانے پر مجبور کر دیئے گئے۔ ان کے ساتھ وہی تاریخ دوہرائی گئی کہ: "یہودیوں نے عیسیٰؑ سے مکاری کی تو اللہ نے بھی جوابی تدبیر کی اور خدا بہترین تدبیر کرنے والا ہے"۔

بی جے پی کے اقتدار کا محل رام مندر کی بنیاد پر تعمیر کیا گیا تھا مگر اس کی در و دیوار اور چھت پڑھا لکھا متوسط طبقہ تھا۔ چندہ چوری نے ان کی بنیاد ہلا دی اور ایک نوزائیدہ کا کروچ جنتا پارٹی کے ذریعہ ان کی چھت میں ایسا سوراخ ہوا کہ وہ ان کے سر پر آ رہی۔ قرآن کریم کے اندر یہ منظر ملاحظہ فرمائیں: "اِن سے پہلے بھی بہت سے لوگ (حق کو نیچا دکھانے کے لیے) ایسی ہی مکاریاں کر چکے ہیں، تو دیکھ لو کہ اللہ نے اُن کے مکر کی عمارت جڑ سے اکھاڑ پھینکی اور اس کی چھت اوپر سے ان کے سر پر آ رہی"۔ سنگھ پریوار کے وہم گمان میں بھی نہیں تھا کہ کبھی رام مندر نام کی یہ ای وی ایم مشین ان کے گلے کا پھندا بن جائے گی اور ان کا سب بھروسہ مند حامی دشمن بن جائے گا۔ مذکورہ بالا آیت کے آخری حصے میں یہی کہا گیا ہے کہ: "ایسے رخ سے ان پر عذاب آیا جدھر سے اس کے آنے کا اُن کو گمان تک نہ تھا"۔ اقتدار کے فریب میں مبتلا لوگوں کو اللہ کی کتاب خبردار کرتی ہے: "کیا وہ لوگ اللہ کی مخفی تدبیر سے بے خوف ہیں؟ پس اللہ کی مخفی تدبیر سے نقصان اٹھانے والی قوم کے سوا کوئی بے خوف نہیں ہوا کرتا"۔ اب یہ پورا سنگھ پریوار اللہ تبارک و تعالیٰ کی تدبیر سے ایک ایسے نقصان میں مبتلا ہو گیا کہ جس سے نکلنے کا انہیں کوئی راستہ نہیں سوجھ رہا ہے اور دولت و اقتدار سب کا سب بے سود ہو چکا ہے۔ ایسے میں اہل ایمان کو تلقین کی گئی ہے کہ: "اور آپ صبر ہی کریں کہ آپ کا صبر بھی اللہ ہی کی مدد سے ہوگا اور ان کے حال پر رنجیدہ نہ ہوں اور ان کی مکاریوں کی وجہ سے تنگدلی کا بھی شکار نہ ہوں"۔ یعنی اہل ایمان کا کام صبر و استقامت کے ساتھ اپنا فرضِ منصبی ادا کرنا ہے کیونکہ انہیں رب کائنات یہ بشارت دے رہا ہے کہ: "بیشک اللہ ان لوگوں کے ساتھ ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا ہے اور جو نیک عمل انجام دینے والے ہیں"۔ بقول شاعر۔

نورِ حق شمعِ الٰہی کو بجھا سکتا ہے کون
1 جس کا حامی ہو خدا اس کو مٹا سکتا ہے کون

☆☆☆

# "اے اللہ! کاش ایسا ہو جائے"

**آج ملتِ اسلامیہ عظیم عددی اکثریت کے باوجود قابلِ رحم ہے۔ تمام شعبہ ہائے زندگی اغیار کی یلغار کی زد میں ہیں۔ ایک طرف حکومت و اقتدار میں عرصۂ حیات تنگ کیا جا رہا ہے تو دوسری طرف ملحدانہ نظریات پھیلائے جا رہے ہیں۔ اسی وجہ سے ہر طرف فحاشی و عریانی کا دور دورہ ہے۔ اسلام اور قرآن کا نام لینے والے مسلمان آج مہلک جرائم اور بداخلاقیوں میں غرق ہیں۔ ہمارے بازار جھوٹ، فریب، سود اور جوئے سے بھرے پڑے ہیں۔ جس کلامِ پاک سے لازوال حقیقی ترقی و برتری حاصل ہو سکتی ہے اسی سے ہم روگردانی کرنے لگے ہیں۔ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم خود ساختہ ترقیوں اور من گھڑت برتریوں کی اندھیری گھاٹی میں پھنس چکے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایاتِ عالیہ سے بے خبر ہو کر بداعمالیوں کے دلدل میں پھنس رہے ہیں۔ شیطان کا ہر حربہ ہم پر کارگر ثابت ہو رہا ہے۔ ہمارے اعمالِ صالحہ نفس کی طغیانیوں میں بہہ چکے ہیں۔**

قیصر محمود عراقی



آج امتِ مسلمہ دنیا میں جس ذلت و بے حسی سے زندگی کے دن گن رہی ہے، وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں بلکہ چمکتے سورج کی طرح واضح ہے۔ دنیا بھر میں کوئی ایک بھی اسلامی ملک ایسا نہیں جس کی بات مانی جائے یا کم از کم اس کی بات میں کوئی وزن ہو۔ ہر طرف خواری و رسوائی ہی اس امت کا مقدر ہے۔ لاوارث بچے کی طرح ہر کوئی اس امت پر ظلم کر رہا ہے۔ دنیا کے ایک کونے سے لے کر دوسرے کونے تک امتِ مسلمہ کا ہی خون بہتا نظر آئے گا۔ امتِ مسلمہ پر تنی عزت و عظمت کی چادر تار تار ہو چکی ہے۔ قوت و رعب کے عظیم الشان قصرِ مشید میں ایسی دراڑیں پڑیں کہ دنیا پر حکمرانی کرنے والی امتِ مسلمہ کے لیے اپنی ساکھ بحال کرنا محال ہو گیا۔

مسلمان طرح طرح کی مشکلات میں پھنس کر رہ گئے۔ پستی کی گھاٹی میں اتنی دور جا گرے کہ اب اس سے نکلنا ناممکن نظر آنے لگا۔ یہ سب کچھ کیوں ہوا؟ اگر بصیرت کے ساتھ غور کیا جائے تو امت کی پستی اور جو حوادثات و آفات سے دوچار ہونے کی بالکل واضح وجہ ہی اختلافات امت اور قرآنِ مجید کو چھوڑنا ہے۔ قرآنِ مجید حکم دیتا ہے: اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تفرقہ مت ڈالو۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: تمام اہل ایمان ایک جسم کی مانند ہیں۔ جب ہم نے قرآن و حدیث کے ان احکامات کو پسِ پشت ڈالا تب مسائل چاروں طرف سے آ پڑے۔ آج مسلمان اسی حکم عدولی کی وجہ سے دنیا میں ذلت کا نشان بن کر رہ گئے ہیں۔

آج ہر طرف مشاہدہ کر کے دیکھیں، تمام اہل کفر مسلمانوں پر ایسے ٹوٹ پڑے ہیں جیسے بھوکا کھانے کی پلیٹ پر ٹوٹ پڑتا ہے۔ ظلم و بربریت عالمِ اسلام کا مقدر بن چکی ہے۔ مسلمانوں سے جینے کا حق چھینا جا رہا ہے۔ ہر وقت یہود و نصاریٰ اور اہل ہنود کی طرف سے کی جانے والی سازشیں امتِ مسلمہ کی راہ میں کانٹوں کی طرح بکھری پڑی ہیں، جن کا مقصد امتِ مسلمہ کے مادی و وسائل پر قبضہ کرنا اور روحانی قوت کو تباہ کرنا ہے۔ نئی نسل میں تہذیبی، فکری اور ارتدادی یلغار کی دیو ہیکل مصیبت بھی سر پر کھڑی ہے۔

آج ملتِ اسلامیہ عظیم عددی اکثریت کے باوجود قابلِ رحم ہے۔ تمام شعبہ ہائے زندگی اغیار کی یلغار کی زد میں ہیں۔ ایک طرف حکومت و اقتدار میں عرصۂ حیات تنگ کیا جا رہا ہے تو دوسری طرف ملحدانہ نظریات پھیلائے جا رہے ہیں۔ اسی وجہ سے ہر طرف فحاشی و عریانی کا دور دورہ ہے۔ اسلام اور قرآن کا نام لینے والے مسلمان آج مہلک جرائم اور بداخلاقیوں میں غرق ہیں۔ ہمارے بازار جھوٹ، فریب، سود اور جوئے سے بھرے پڑے ہیں۔ جس کلامِ پاک سے لازوال حقیقی ترقی و برتری حاصل ہو سکتی ہے اسی سے ہم روگردانی کرنے لگے ہیں۔ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم خود ساختہ ترقیوں اور من گھڑت برتریوں کی اندھیری گھاٹی میں پھنس چکے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایاتِ عالیہ سے بے خبر ہو کر بداعمالیوں کے دلدل میں پھنس رہے ہیں۔ شیطان کا ہر حربہ ہم پر کارگر ثابت ہو رہا ہے۔ ہمارے اعمالِ صالحہ نفس کی طغیانیوں میں بہہ چکے ہیں۔

قارئینِ حضرات! دنیا میں ہمیشہ انسان، انسانوں کے ہاتھوں ظلم و ستم کا نشانہ بنتے آئے ہیں۔ طاقتور، ظالم جہاں جو چاہتا ہے کرتا ہے، اس کا ہاتھ روکنے والا کوئی نہیں۔ لیکن دنیا کے اس ظالمانہ دستور کے سب سے زیادہ شکار مسلمان ہیں جو دنیا کی مظلوم ترین قوم بن چکے ہیں، لیکن پھر بھی مسلمانوں کو ہی دہشت گرد کہا جاتا ہے۔ اس دہشت گردی کے نام نہاد جنگ کی لپیٹ میں صرف مسلمان ہی آتا ہے اور مسلمانوں کے خلاف سازش کے سوا کچھ نہیں۔

اس کے باوجود بھی ان حالات میں ہم آپس میں دست و گریبان ہیں، ایک دوسرے کے خلاف کیچڑ اچھال رہے ہیں۔ کیا سب مسلمانوں کا خدا، رسول، قرآن اور ایمان ایک نہیں؟ اگر ایک ہے تو پھر ایک دوسرے کے خلاف اس قدر نفرت کیوں؟ اگر روزِ محشر ہم سب کے ملجا و ماویٰ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے سوال فرما لیا کہ میری شریعت اور میرے دین کے خلاف بغاوت ہو رہی تھی، اسلام کے نام پر کفر کی تشہیر کی جا رہی تھی، قرآن و سنت میں کھلے عام تحریف کی جا رہی تھی، اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی علانیہ کی جا رہی تھی، ان حالات میں تم کہاں تھے؟ تم نے ان سیلابوں کے آگے بند کیوں نہ باندھا؟ کیوں تم نے اتنے اہم فرائض کو چھوڑ کر چھوٹی چھوٹی باتوں کو انا کا مسئلہ بنا لیا تھا؟ ذرا سوچیں تو سہی، اگر یہی سوالات پوچھ لیے گئے تو کہاں ان کا جواب ہم سے بن پڑے گا!

کاش ایسا ہو جائے کہ دین و مذہب کے نام پر کام کرنے والی جماعتیں اور دیگر لوگ اپنے اپنے اختلافات کو ختم کر سکیں۔ کاش ایسا ہو جائے کہ تمام مذہبی و نظریاتی لوگ اللہ کے دین کی خاطر اپنے اختلافات کو اعتدال پر لا کر ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو سکیں۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ اغیار کی چالوں سے بچتے ہوئے ہماری زندگیاں بحیثیتِ مسلمان صبر، شکر، اطاعتِ الٰہی اور اتباعِ رسول کا عملی نمونہ بن جائیں تا کہ بحکمِ ربی رنج و غم، تنگ دلی، حزن و قنوطیت اور شکست خوردگی ہمارے قریب نہ آ سکے۔

ایسا نہ ہو کہ من پسند زندگی گزارنے کی پاداش میں پریشان و مغموم اور اداس و رنجیدہ کر دیے جائیں۔ لہٰذا مسلمان اپنے ہر لمحے کو فکرِ آخرت، ذکرِ الٰہی اور اطاعتِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں گزارنے کا اہتمام کرے تا کہ اطمینان و عافیت والی زندگی نصیب ہو جائے۔ اس لیے اچھے اخلاق کے ساتھ اصلاحی مقاصد کے تحت اچھے کاموں کی ابتداء کریں اور اچھے انجام کی امید رکھیں۔ خوابِ غفلت سے بیدار ہو کر آج اور ابھی سے گزشتہ کوتاہیوں کا سدِ باب کرنے کا عہد کریں۔ اپنوں کی دل جوئی اور غم خواری کریں، امن و آشتی کا پرچار کریں، موت کو ہر لمحہ یاد کریں آخرت کی فکر کریں جہاں میدانِ حشر میں ہر کوئی نفسی نفسی میں لگا ہوگا۔

یاد رکھیں، آج مسلمان جتنی مشکلات اور مسائل میں گھرے ہوئے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ ہم نے دامنِ مصطفیٰ کو چھوڑا ہوا ہے۔ جی ہاں، اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم نے خود عرش والے خدا اور مدینے والے مصطفیٰ سے بے وفائی کی اور اسی بے وفائی کے بعد ہم توقع کر رہے ہیں کہ پوری دنیا پر ہمارا غلبہ ہونا چاہیے۔ ہم دعویٰ کرتے ہیں اللہ کے رسول کا لیکن ہمارا یہ دعویٰ اطاعتِ رسول کے بغیر ہے، جبکہ آپ سے محبت ہمارے ایمان کا جز ہے، آپ سے محبت ایمان کی شرطِ اول ہے۔ مگر آج ہم سمجھتے ہیں کہ شاید عمل کی ضرورت نہیں ہے، محبت اور ایمان کی ضرورت نہیں ہے۔ آخر کیسی محبت ہے اور کیسا ایمان ہے جس میں اطاعت نہیں ہے؟ کیسا عشق ہے جو بندے کو اطاعتِ رسول ﷺ پر آمادہ نہ کرے؟

آج ہم دین سے اس قدر دور ہو گئے ہیں کہ آپس میں تفرقہ بازی کا شکار ہو کر کمزور ہو چکے ہیں اور اغیار ہماری اس کمزوری کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اس لیے اب ہم مسلمانوں کو کسی عظیم مقصد کو حاصل کرنے کے لیے متحد ہونا پڑے گا۔ اب ہمیں کسی معجزے کا انتظار نہیں کرنا ہے بلکہ اب ہمیں خود بھی اپنی زندگیاں بدلنے کے لیے تگ و دو کرنا ہوگی۔

موبائل: 6291697668

# ’گھُمنتو وکاس بورڈ‘ سے بدلے گی خانہ بدوش برادری کی تقدیر

## وزیراعلیٰ یوگی نے گھُمنتو وکاس بورڈ کو بتایا ترقی کی نئی کڑی، ہر طبقے کو یکساں مواقع دینے پر زور



لکھنؤ:۶؍اگست۔وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ 2014 میں وزیراعظم نریندر مودی نے ہم وطنوں سے کہا تھا کہ سرکاری اسکیموں کا فائدہ معاشرے کے ہر طبقے کو بلاتفریق پہنچایا جائے گا۔ ان کا ’سب کا ساتھ، سب کا وکاس‘ کا منتر آج سماج کے ہر طبقے کی ترقی کا باعث بنا ہے۔ گھُمنتو وکاس بورڈ ترقی کی اس کہانی کا ایک نیا باب ہے۔ وزیر اعظم کے ویژن کے مطابق ڈبل انجن والی حکومت خانہ بدوش اور آزاد ذاتوں کو باوقار زندگی کا حق فراہم کرے گی۔ وہ اب گھر گھر بھٹکنے پر مجبور نہیں ہوں گے۔ ہم سب مل کر مین اسٹریم سوسائٹی کے ساتھ مل کر اس مہم کو آگے بڑھائیں گے۔ وزیر اعلیٰ آج یہاں گھُمنتو وکاس بورڈ کی تشکیل کے لیے آزاد اور خانہ بدوش قبیلہ کی جانب سے منعقد کیے گئے تشکر اور تہنیتی پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انگریزوں نے ملک میں خانہ بدوش ذاتوں کو مجرمانہ قبائل کے طور پر درجہ بندی کی تھی اور 1871 میں انہیں مجرمانہ قبائل کے طور پر نوٹیفائی کیا تھا۔ انہوں نے 1857 کی پہلی جنگ آزادی کے دوران انگریزوں کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا۔ ان ذاتوں نے ہندوستان کی آزادی کے لیے انتھک، نہ رکنے اور انتھک جدوجہد کی۔ انگریزوں کو احساس ہونے لگا کہ وہ ہندوستان پر زیادہ دیر حکومت نہیں کر سکیں گے۔ انگریزوں نے 1857 کی جنگ آزادی میں براہ راست یا بالواسطہ حصہ لینے والی ذاتوں کی نشاندہی کرنا شروع کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سچائی سچائی ہوتی ہے۔ سونا مٹی میں مل جائے تو بھی اس کا سنہری معیار ضائع نہیں ہوتا۔ اگر بادل چند لمحوں کے لیے سورج کے سامنے آجائیں تو وہ زیادہ دیر تک سورج کی تپش کو برداشت نہیں کر سکتے۔ آزاد ہندوستان میں بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے 1871 کے کریمنل ٹرائب ایکٹ کو ختم کر دیا اور 1952 میں انہیں ملک میں آزاد ذات قرار دے کر عزت بخشی۔

درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور پسماندہ ذاتوں کے لوگ آج بھی آزاد ذات کے طور پر معاشرے میں اپنا تعاون دے رہے ہیں۔ ان کی ترقی اور بہتری کے لیے جو کام شروع سے ہونا چاہیے تھا وہ نہیں ہوا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آزادی کے بعد پہلی بار 2014 میں وزیر اعظم نے ان ذاتوں کے لیے کمیشن بنایا تھا۔ گزشتہ سال جب وزیر اعلیٰ کو خانہ بدوش ذات کانفرنس میں شرکت کا موقع ملا تو انہوں نے ریاست میں خانہ بدوش ترقیاتی بورڈ کے قیام کا اعلان کیا۔ اب گھُمنتو وکاس بورڈ کی تشکیل کا عمل آگے بڑھا ہے۔ گزشتہ 12 سالوں سے، وزیر اعظم کی قیادت میں، مرکزی حکومت ملک بھر میں ان ذاتوں کی ترقی کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے، اور گزشتہ 90 برسوں سے، ڈبل انجن والی حکومت اتر پردیش میں ان ذاتوں کی ترقی کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔ اس کے تحت ان ذاتوں کو حکومت کی عوامی فلاحی اسکیموں سے جوڑا گیا ہے۔ پہلی بار ونٹانگیا گاؤں کو ریونیو گاؤں کے طور پر تسلیم کیا گیا۔ ہزاروں لوگوں کو سماج کے اصل دھارے میں شامل ہوئے۔ پہلے مشاعرہ ذات والوں کی کوئی عزت نہیں تھی۔ ڈبل انجن والی حکومت نے انہیں ہر قسم کی سہولیات فراہم کرنے کا کام کیا۔

تھارو، گونڈ، چیرو، بگسا، کول، سہریا وغیرہ ذاتوں کے لوگوں کو سرکاری اسکیموں کے تحت لایا گیا ہے۔ انہیں راشن کارڈ، زمین کے پٹے، مکان، آیوشمان کارڈ، بجلی کے کنکشن، مفت کھانا پکانے کا گیس کنکشن، بے سہارا، بڑھاپے اور معذوری پنشن وغیرہ کے فوائد فراہم کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہمارے لیے عوام صرف ووٹ بینک نہیں، جناردن بھی ہے۔ حکومت نے ہمیشہ عوام کو جناردن کی طرح عزت دی ہے۔ ہندوستانی جمہوریت میں، ہر شہری کو بغیر کسی امتیاز کے سرکاری خدمات تک رسائی حاصل ہونی چاہیے۔ اس لیے ونٹانگیا، مسہر، کول، بگسا، سہریا، گونڈ، تھارو، چیرو اور دیگر ذاتوں کی بہتر کے لئے اور انہیں سیچوریشن کے ہدف تک پہنچانے کے لیے کام کیا گیا ہے۔ آج کا پروگرام اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت نے خانہ بدوش برادریوں کے ساتھ ساتھ درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کے بچوں کے لیے آشرم نظام کے ودیالیہ شروع کیے ہیں۔ یہ اسکول بچوں کو جدید ترین تعلیم فراہم کرتے ہیں۔ وہ مفت رہائش اور کھانا فراہم کرتے ہیں۔ مزدوروں کے بچوں کے لیے اٹل رہائشی اسکول شروع کیے گئے ہیں۔ یہ اسکول بچوں کو جدید ترین سہولیات فراہم

کرتے ہیں۔ حکومت سماج کے تمام طبقوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کے لیے کام کر رہی ہے، بشمول مزدور، اسٹریٹ وینڈروں، طلبہ، نوجوان، اور آزاد اور خانہ بدوش کمیونٹی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اب کوئی بھی آزاد شدہ ذاتوں کو مجرم قبائل نہیں کہہ سکتا۔ یہ آزاد شدہ ذاتیں ہندوستان کی آزادی کے جنگجو ہیں۔ ڈبل انجن والی حکومت آزاد ہونے والی ذاتوں کو وہ عزت دلانے کے لیے انتھک محنت کر رہی ہے جس کی وہ آزادی کے جنگجو کے طور پر حقدار ہیں۔ سپیرا برادری گورکھ ناتھ کی پیروکار ہے۔ قدیم زمانے میں یہ لوگ غیر ملکی حملوں کے دوران لوگوں کو خبردار کیا کرتے تھے۔ ریاستی حکومت ان کی باز آبادکاری کے لیے پوری عزم اور پابندی کے ساتھ کام کرے گی۔ اس کے علاوہ خانہ بدوش اور آزاد ذات کے لوگوں کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گھُمنتو وکاس بورڈ ان تمام ذاتوں کی نشاندہی کرے گا اور سیچوریشن کے ہدف تک حاصل کرنے کی سمت کام کرے گا۔ یہ انہیں تمام اسکیموں سے فوائد فراہم کر کے ان کا معیار زندگی بلند کرنے کی کوشش کرے گا۔ گھُمنتو وکاس بورڈ جلد کام شروع کر دے گا۔ اس کے افعال اور ساخت میں معمولی تبدیلیاں آئیں گی۔ ہماری کوشش یہ ہونی چاہیے کہ

بورڈ میں ہر ذات کو نمائندگی دی جائے۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے سماجی بہبود کے وزیر مملکت (آزاد چارج) جناب اسیم ارون نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے گھُمنتو وکاس بورڈ قائم کر کے ترقی کی ایک نہر بنائی ہے۔ ترقی کی اس نہر کے ذریعے خانہ بدوش اور آزاد طبقے مختلف عوامی فلاحی اسکیموں سے مستفید ہوں گے۔ محکمہ ریونیو کے ذریعے زرعی اور رہائشی لیز دستیاب ہوں گی۔ ترقی کی اس نہر سے ترقی کا دھارا تیزی سے آگے بڑھے گا۔ ترقی کے لیے تین کنجیوں کی ضرورت ہے: ایک آدھار کارڈ، ایک ذات کا سرٹیفکیٹ، اور ایک آمدنی کا سرٹیفکیٹ۔ ان کے ذریعے ترقی کی نہر آپ تک تیز گارنٹی کے ساتھ پہنچے گی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے خانہ بدوش برادری کی ترقی کے لیے ہر لمحہ وقف کیا ہے۔ اب یہ کمیونٹی خانہ بدوش نہیں رہنا چاہتی بلکہ ’ٹکٹکو‘ یعنی ٹِک کر رہنا چاہتی ہے۔ یہ لوگ ایک ایسی کمیونٹی کی نمائندگی کرتے ہیں جس نے ہندوستان کی عزت کی حفاظت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ اس وقت بہت سے لوگوں نے ہتھیار ڈال دئے، لیکن اس کمیونٹی نے کبھی ایسا نہیں کیا۔ تقریب میں خانہ بدوش اور آزاد برادریوں کے ارکان نے گھُمنتو وکاس بورڈ کے قیام پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے اس فیصلے کو تاریخی قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ آج حکومت کی عوامی فلاح و بہبود کی اسکیموں کے ذریعے بنیادی سہولیات جیسے رہائش، بیت الخلا، تعلیم اور صحت معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچ رہی ہیں۔ یہ بورڈ ان کی مجموعی ترقی میں سہولت فراہم کرے گا۔ اس موقع پر سماجی بہبود کے وزیر مملکت جناب سنجیو گونڈ، اتر پردیش درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کمیشن کے چیئرمین جناب بیج ناتھ راوت، اتر پردیش درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کمیشن کے وائس چیئرمین جناب جیت سنگھ کھرواراور دیگر معزز افراد موجود تھے۔

# بجلی نظام کی بہتری کے لیے وزیر توانائی کا بڑا اقدام

## ٹرانسفارمر تبدیلی میں تاخیر پر افسران پر سختی، کانوڑ راستوں پر حفاظتی انتظامات مضبوط کرنے کے احکامات



لکھنؤ، 6 اگست۔شہری ترقیات اور توانائی کے وزیر اے کے۔شرما نے ریاست میں بلاتعطل اور معیاری بجلی کی فراہمی، جلے ہوئے ٹرانسفارمروں کی بروقت تبدیلی، کانوڑ یاترا کے دوران برقی حفاظت اور بجلی کے نظام سے متعلق مختلف اہم مسائل پر ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی۔ میٹنگ میں وزیر مسٹر شرما نے واضح طور پر کہا کہ عوام کو بروقت بجلی فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی سطح پر لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ جائزہ کے دوران، وزیر شرما نے دیوریا، غازی پور، شراوستی، بہرائچ، اور فتح پور سمیت مختلف اضلاع میں بلاتعطل بجلی کی فراہمی کی کمی اور جلے ہوئے ٹرانسفارمرز کو تبدیل کرنے میں ناکامی پر شدید ناراضگی کا اظہار کیا۔ انہوں نے متعلقہ ایگزیکٹو انجینئروں سے جواب طلب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو غیر ضروری تکلیف کا باعث بننے والے اہلکاروں کی جوابدہی ہوگی۔ وزیر توانائی نے پوروانچل ودیوت وتران نگم لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر کو پوروانچل خطے میں شکایات کے حل کو فوری طور پر تیز کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ ایمانداری اور سنجیدگی سے اپنے فرائض سرانجام نہ دینے والے افسران کو فوری طور پر ہٹانے کے لیے کارروائی کی جائے کیونکہ عوامی مفادات سے کوئی سمجھوتہ قابل قبول نہیں ہوگا۔ کانوڑ یاترا کے پیش نظر وزیر شرما نے تمام عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ کانوڑ راستوں پر برقی حفاظتی انتظامات کو یقینی بنائیں۔ ڈھیلے تاروں، جھکے ہوئے بجلی کے کھمبے، بے نقاب برقی آلات یا کسی دوسرے ممکنہ خطرات کو فوری طور پر ہٹا دیا جانا چاہیے، اور یاترا کے راستوں پر بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی چوکسی برقرار رکھی جانی چاہیے، اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ یاتریوں کو کسی قسم کی تکلیف یا حادثہ نہ ہو۔ میٹنگ کے دوران جب دیوریا ضلع کے لار تھانہ علاقے میں جلے ہوئے ٹرانسفارمر کو پچھلے دس دنوں سے تبدیل نہ کرنے کے تعلق سے مقامی

عہدیداروں نے کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا تو ایڈیشنل چیف سکریٹری جناب آشیش گوئل نے چیف انجینئر گورکھپور (II) کو فوری طور پر ایڈورٹ انٹری دینے کی ہدایت دی۔ اسی طرح ضلع غازی پور کے علاقے گہمار میں 12 دن تک جلے ہوئے ٹرانسفارمر کو تبدیل نہ کرنے اور جائزہ اجلاس سے غیر حاضر رہنے پر ایگزیکٹو انجینئر کو معطل کرنے کی ہدایات دی گئیں۔ متعلقہ سپرنٹنڈنگ انجینئر کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی، جس میں واضح کیا گیا کہ اگر مستقبل میں ایسی غفلت دہرائی گئی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ایڈیشنل چیف سکریٹری توانائی جناب آشیش گوئل، مینجنگ ڈائریکٹر جناب نتیش کمار، مسٹر میور مہیشوری اور محکمہ کے دیگر سینئر افسران میٹنگ میں موجود تھے، جبکہ ریاست کے دیگر افسران نے جائزہ میٹنگ میں ورچولی طور پر شمولیت اختیار کی۔

# کانوڑ یاترا روٹس پر فول پروف انتظامات کا حکم

## اے کے شرما کا سخت پیغام، عوامی تحفظ میں لاپرواہی پر ذمہ دار افسران نہیں بخشے جائیں گے

لکھنؤ، 6 اگست۔شہری ترقیات اور توانائی کے وزیر جناب اے کے۔شرما نے آئندہ کانوڑ یاترا کے لیے ریاست بھر میں کی جارہی تیاریوں کے بارے میں تفصیلی جائزہ میٹنگ کی۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ کانوڑ یاتریوں کی حفاظت، سہولت اور ہموار آمدورفت حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ تمام اہلکار اپنے فرائض انتہائی سنجیدگی اور حساسیت کے ساتھ ادا کریں اور کسی قسم کی غفلت سے گریز کریں۔ جائزہ کے دوران وزیر شرما نے کانوڑ راستوں پر روشنی، صفائی، پینے کے پانی، آرام کیمپوں، بلاتعطل بجلی کی فراہمی اور دیگر ضروری انتظامات کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ افسران صرف دفاتر تک محدود نہ رہیں بلکہ خود علاقے کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیں اور مسائل کے فوری حل کو یقینی بنائیں۔ افسروں کی جوابدہی طے کرتے ہوئے وزیر شرما نے کہا کہ ان ایگزیکٹو افسروں سے اضافی چارج واپس لیا جانا چاہئے جن کے پاس اضافی چارج ہے اور وہ متعلقہ علاقوں میں فوری طور پر موجود نہیں ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ذمہ داری ملنے کے بعد علاقے میں متحرک رہنا ہر افسر کا فرض ہے۔ مانسون کے موسم کے پیش نظر، وزیر شرما نے پانی بھرنے، پانی جمع ہونے، نالیوں کی صفائی اور ان کی مسلسل نگرانی کے سلسلے میں سخت ہدایات بھی جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی حالت میں پانی جمع نہیں ہونا چاہئے، اور تمام میونسپل اداروں کو انتہائی چوکسی کے ساتھ کام کرنا چاہئے۔ میٹنگ میں وزیر شرما نے خاص طور پر خبردار کیا کہ اگر کہیں بھی کھلا مین ہول پایا جاتا ہے یا اس کی وجہ سے کوئی حادثہ ہوتا ہے تو متعلقہ افسر کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

# گاؤں گاؤں مضبوط ہوگا خواتین کا خود امدادی نیٹ ورک

## دیہی تنظیموں کی تعداد میں 10 ہزار کا اضافہ، نائب وزیر اعلیٰ نے کہا: خواتین کو خود کفیل بنانا حکومت کی اولین ترجیح



لکھنؤ، 6 اگست۔اتر پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ کی ہدایات پر، ریاست میں دیہی تنظیموں کی تعداد 65460 سے بڑھا کر 75460 کرنے کا ایک تاریخی فیصلہ لیا گیا ہے، جس کا مقصد دیہی خواتین کو اقتصادی، سماجی اور ادارہ جاتی طور پر بااختیار بنانا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ دیہی ترقی کے افسران کو ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ نے کہا کہ ”ڈبل انجن“ والی حکومت دیہی خواتین کو خود انحصار، خود مختار اور معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے مسلسل مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ سیلف ہیلپ گروپس کا ایک مضبوط نیٹ ورک دیہی معیشت کی اصل طاقت ہے، اور دیہاتی تنظیموں کی توسیع اس سمت میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دیہاتی تنظیموں کی تعداد میں اضافہ زیادہ خود امدادی گروپوں کو ایک منظم فریم ورک میں ضم کرنے کے قابل بنائے گا۔ اس سے انہیں بروقت رہنمائی، صلاحیت کی تعمیر، مالی شمولیت، بینکنگ خدمات تک بہتر رسائی، اور روزی روٹی کی مختلف سرگرمیوں سے زیادہ مؤثر فوائد حاصل ہوں گے۔ مزید برآں، گاؤں کی تنظیموں کی ادارہ جاتی صلاحیت اور کارکردگی میں بھی نمایاں اضافہ کیا جائے گا۔ مسٹر موریہ نے کہا کہ ریاست کے تین کروڑ خاندانوں کی خواتین کو سیلف ہیلپ گروپس سے جوڑنے کے لیے ایک جامع مہم چلائی جارہی ہے۔ اس ہدف کو مزید تیز کرنے کے لیے مشن کی سطح سے تمام اضلاع کو ضروری رہنما خطوط جاری کیے جارہے ہیں۔ گاؤں کی تنظیموں کی تعداد میں اضافے سے نئے سیلف ہیلپ گروپس کی تشکیل میں تیزی آئے گی، غیر فعال گروپوں کو دوبارہ فعال کیا جائے گا، اور کمیونٹی لیڈرشپ کو تقویت ملے گی۔ یہ یقینی بنائے گا کہ مشن کے ذریعے لاگو کی گئی اسکیموں کے فائدے آخری اہل خاندان تک زیادہ مؤثر طریقے سے پہنچیں گے۔ اتر پردیش ریاستی دیہی روزی روٹی مشن کے مشن ڈائریکٹر مسٹر ارون کمار، نے کہا کہ گاؤں کی تنظیموں کی تعداد میں اضافہ ریاست میں مضبوط، خود انحصاری، اور مؤثر کمیونٹی اداروں کی تعمیر کی طرف ایک اہم اقدام ہے۔ یہ سیلف ہیلپ گروپس کو بہتر ادارہ جاتی مدد فراہم کرے گا اور دیہی ترقی اور خواتین کو بااختیار بنانے کے اہداف کو زیادہ مؤثر طریقے سے حاصل کرے گا۔

## مویشی ترقیاتی پروگرام کو ملی نئی رفتار

لکھنؤ، 6 اگست۔اتر پردیش کی حکومت نے رحمٰن کھیڑا، لکھنؤ میں الٹرا فروزن سیمین پروڈکشن سینٹر میں مویشیوں میں جنس زدہ/ چھانٹی ہوئی سیمین کے استعمال کے لیے ریاستی جانوروں اور بھینسوں کے ترقیاتی پروگرام (ریاستی منصوبہ) کے لیے 20 لاکھ روپے کی منظوری دی ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ اینمل ہسبنڈری کی جانب سے ایک سرکاری حکم نامہ جاری کیا گیا ہے۔ حکومتی حکم نامے میں، ڈائریکٹر، ایڈمنسٹریشن اینڈ ڈیولپمنٹ، اینمل ہسبنڈری ڈپارٹمنٹ کو ہدایت دی گئی ہے کہ منظور شدہ ایکشن پلان اور اسکیم کے لیے دی گئی ہدایات کی مکمل تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے منظور شدہ رقم کی نکاسی/خرچ کی جائے گی اور مکمل تفصیلات کے ساتھ استعمال کا سرٹیفکیٹ حکومت کو دستیاب کرایا جائے۔ منظور شدہ رقم اسی چیز/مقصد کے لیے خرچ/ استعمال کی جائے گی جس کے لیے رقم منظور کی گئی ہے۔

# جلال لکھنوی کے علمی آثار کا احاطہ ”جلال فہمی“ کے بغیر ممکن نہیں: حکیم وسیم احمد اعظمی

## مانو لکھنؤ کیمپس میں ڈاکٹر محمد سعید اختر کی کتاب ’جلال فہمی‘ (1910 تا 2025) کی رسم رونمائی



لکھنؤ۔ 6 /اگست۔ ڈاکٹر محمد سعید اختر کی مرتب کردہ کتاب ’جلال فہمی‘ میں جلال کی شخصیت اور فن پر 1910ء سے 2025ء تک شائع بیشتر تحریروں کا اس خوبی اور فنی ہنرمندی سے احاطہ کیا گیا ہے کہ جلال لکھنوی کے علمی آثار پر قلم اُٹھانے والا ہر شخص اس کو اساس بنائے گا۔ ڈاکٹر عمیر منظر کے ’پیش لفظ‘ اور مرتبِ کتاب ڈاکٹر محمد سعید اختر کے جامع ’دیباچہ‘ نے جلال فہمی کی راہ آسان کردی ہے۔ ان خیالات کا اظہار معروف محقق اور سینٹرل کونسل آف ریسرچ ان یونانی میڈیسن کے سابق ڈپٹی ڈائریکٹر حکیم وسیم احمد اعظمی نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونی ورسٹی کے لکھنؤ کیمپس میں ڈاکٹر محمد سعید اختر کی کتاب جلال فہمی (1910 تا 2025) کی رسم رونمائی کے موقع پر کیا۔ تقریب میں مقررین نے کتاب کی علمی و تحقیقی اہمیت کو سراہتے ہوئے ڈاکٹر محمد سعید اختر کو مبارک باد پیش کی۔ حکیم وسیم احمد اعظمی نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا کہ بنیادی طور پر یہ کتاب تین عناوین پر مبنی ہے۔ تذکروں میں محاکمہ جلال، ادبی مورخین کی نظر میں جلال، ادبی محققین اور جلال، اور ...دور حاضر میں جلال۔ حکیم وسیم احمد اعظمی نے کہا کہ ڈاکٹر محمد سعید اختر کی مرتب کردہ یہ کتاب ان کے ذوق مطالعہ اور حسن ترتیب کی روشن مثال ہے۔ انہوں نے مولانا آزاد نیشنل یونیورسٹی لکھنؤ کیمپس سے ’میر ضامن علی جلال لکھنوی کی ادبی خدمات کا تنقیدی مطالعہ‘ کے عنوان سے ڈاکٹر عمیر منظر کی رہنمائی میں تحقیقی مقالہ لکھ کر پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے اور اس طرح جلال لکھنوی کی کل کائنات پر ان کی نظر رہی ہے۔ کیمپس کی انچارج پروفیسر ہما یعقوب نے اس اہم ادبی کاوش پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس نوع کی ادبی سرگرمیاں کیمپس کے طلبہ کے لیے مہمیز کا کام کرتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کیمپس کے علمی اور ادبی ماحول کو بہتر سے بہتر بنانے میں سابق طلبہ کے سرگرم علمی تعاون کا ہم استقبال کرتے ہیں۔ ڈاکٹر مجاہد الاسلام نے کتاب پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ”جلال فہمی“، محض منتشر مواد کی ترتیب وتدوین نہیں، بلکہ جلال لکھنوی کے مطالعے کے لیے ایک اہم تحقیقی کاوش ہے، جو طلبہ، محققین، اساتذہ اور کلاسیکی ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ایک مفید علمی سرمایہ ثابت ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ کتاب کی اہمیت اس اعتبار سے بھی ہے کہ ڈاکٹر محمد سعید اختر نے کئی برسوں کی تحقیقی جستجو کے بعد زمانی ترتیب کے ساتھ یکجا صورت میں پیش کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ڈاکٹر محمد سعید اختر کا مبسوط مقدمہ جلال شناسی کے مزید امکانات بھی روشن کرتا ہے۔ ڈاکٹر عمیر منظر نے ”جلال فہمی“ کو جلال لکھنوی کی بازیافت قرار دیا اور کہا کہ اس کتاب سے ایک صدی پہلے کے لکھنؤ کی ادبی سرگرمیوں کا خاطر خواہ اندازہ کیا جاسکتا ہے اور ان میں جلال کے متنوع کردار بھی سامنے آتا ہے۔ ڈاکٹر محمد سعید اختر نے اس کتاب کے توسط اپنے ادبی شوق کا آغاز کیا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونی ورسٹی کے لکھنؤ کیمپس کے لیے یہ لمحہ باعث فخر ہے۔ ڈاکٹر عشرت ناہید نے کہا کہ کلاسیکی شعراء میں جلال لکھنوی کا اہم مقام رہا ہے۔ اصلاح زبان، لغت نویسی، عروض دانی، فن تاریخ گوئی میں ان کی ادبی خدمات بے بہا ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر سعید اختر نے جلال فہمی ترتیب دے کر ان کی اہمیت کو عصر حاضر میں حیات نو عطا کردی ہے، جس کے لیے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ڈاکٹر نور فاطمہ نے کہا کہ سعید اختر کی کتاب ’جلال فہمی‘ (1910 تا 2025) جلال شناسی کے سلسلے میں ایک بنیادی حوالہ ثابت ہوگی۔ ڈاکٹر نور فاطمہ نے کہا کہ آج بھی جلال کی شاعری میں استفادے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس کتاب کے وسیلے سے ہمیں جلال لکھنوی کو سمجھنے کا نیا نظریہ فراہم ہوگا۔ انھوں نے سعید اختر کو اس کتاب کی اشاعت کے لیے مبارک باد پیش کی۔ ڈاکٹر اکبر علی خاں نے کہا کہ یہ بہت اہم ادبی کاوش ہے۔ لکھنؤ اور جلال لازم وملزوم ہیں۔ اس کتاب کے توسط سے ہمیں اس عہد کو دیکھنے کے لیے ادھر ادھر جانے کے بجائے ایک جگہ تمام مواد مل جائے گا۔ کیمپس کے سابق طالب علم کو اس ادبی کارنامے کے لیے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ پروگرام میں کیمپس کے اساتذہ، طلبہ اور ریسرچ اسکالرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور کتاب کی اشاعت پر مبارک باد پیش کی۔

# ماں کا دودھ صحت منداور محفوظ زندگی کی بنیاد ہے: ڈاکٹر تطہیر فاطمہ

## لینگویج یونیورسٹی میں عالمی ہفتۂ اطفال پرورش مادر کے تحت ہفتہ روزہ بیداری مہم کا اختتام



لکھنؤ، 6 اگست 2026: خواجہ معین الدین چشتی لینگویج یونیورسٹی کے شعبۂ ہوم سائنس کی جانب سے یکم تا 7 اگست کے دوران عالمی ہفتۂ اطفال پرورشِ مادر (ورلڈ بریسٹ فیڈنگ ویک) کے موقع پر ”پائیدار زندگی کا آغاز، ماں کے دودھ کے ساتھ“ کے مرکزی موضوع کے تحت ہفتہ روزہ بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ اس مہم کا بنیادی مقصد ماں کا دودھ پلانے کی اہمیت، ماں اور نومولود کی صحت، متوازن غذائیت اور اس حوالے سے معاشرے میں شعور و آگہی کو فروغ دینا تھا۔ شعبۂ ہوم سائنس کی صدر ڈاکٹر تطہیر فاطمہ نے ہفتہ روزہ پروگرام کی غرض وغایت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ عالمی ہفتۂ اطفال پرورشِ مادر صرف ایک مہم نہیں بلکہ ایک سماجی اور صحت عامہ سے وابستہ اہم تحریک ہے، جس کا مقصد نئی ماؤں، خاندانوں اور نوجوان نسل کو ماں کے دودھ کی افادیت سے آگاہ کرنا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پیدائش کے بعد ابتدائی چھ ماہ تک بچے کو صرف ماں کا دودھ پلانا اس کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی نشوونما کے لیے نہایت ضروری ہے، کیونکہ ماں کا دودھ بچے کو مکمل غذائیت فراہم کرنے کے ساتھ اس کی قوتِ مدافعت میں اضافہ کرتا اور مختلف بیماریوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ ہفتہ بھر کے اس پروگرام کے تحت طالبات میں بیداری پیدا کرنے کے لیے نعرہ نویسی، تقریری مقابلہ، پوسٹر سازی، مناظرہ اور توسیعی لیکچر سمیت متعدد سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں طلبہ وطالبات نے بھرپور جوش وخروش سے حصہ لیا۔ ڈاکٹر تطہیر فاطمہ نے کہا کہ آج منعقد ہونے والا ”پائیدار زندگی کا آغاز، ماں کے دودھ کے ساتھ“ کے موضوع پر توسیعی وآگاہی پروگرام اس ہفتہ روزہ مہم کی اختتامی کڑی ہے جس کا مقصد طلبہ کو سائنسی، طبی اور سماجی نقطۂ نظر سے ماں کے دودھ کی افادیت سے روشناس کرانا اور انہیں اس پیغام کا مؤثر سفیر بنانا ہے۔ انھوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اس طرح کی بیداری مہمات نہ صرف طلبہ کے علم میں اضافہ کریں گی بلکہ معاشرے میں ماں اور بچے کی بہتر صحت، غذائی تحفظ اور آنے والی نسلوں کے روشن اور صحت مند مستقبل کے لیے بھی مؤثر کردار ادا کریں گی۔ اس ہفتہ روزہ پروگرام کے تحت منعقدہ مختلف مقابلوں میں ڈاکٹر شالنی، ڈاکٹر شپرا سنگھ اور ڈاکٹر چیتنا شرما نے بہ طور جج فرائض کو انجام دیا۔ ان مقابلوں میں بشریٰ یونس (بی ایس سی ہوم سائنس) نے پہلا، ہبرم صدیقی اور نشا صدیقی نے مشترکہ طور پر دوسرا اور زویا خان اور جیوتی گوتم نے مشترکہ طور تیسرا مقام حاصل کیا۔

# ’انڈین نالج‘ کو ملے گا اعلیٰ تعلیم میں نیا مقام

## یوپی حکومت کا فیصلہ، قدیم بھارتی علمی روایت اور جدید تحقیق کو جوڑنے کے لیے ریسرچ سینٹرز کا قیام

لکھنؤ، 6 اگست۔اتر پردیش میں یوگی آدتیہ ناتھ حکومت اعلیٰ تعلیم کے مرکزی دھارے میں ہندوستانی علمی روایت کو قائم کرنے کی طرف ایک اہم قدم اٹھا رہی ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی-2020 (NEP-2020) کے مطابق، ریاستی حکومت نے یونیورسٹیوں اور سرکاری اور غیر سرکاری امداد یافتہ کالجوں میں ”انڈین نالج ٹریڈیشن پروموشن ریسرچ سینٹرز“ کے قیام کے لیے تفصیلی پالیسی اور رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔ ریاست کے اعلیٰ تعلیم کے وزیر یوگیندر اپادھیائے نے کہا کہ اس اسکیم کا مقصد ہندوستان کی قدیم علمی روایت، فلسفہ، سائنس، ثقافت اور فکری ورثے کو جدید تعلیمی نظام کے ساتھ مربوط کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوگی حکومت چاہتی ہے کہ نئی نسل خود کو جدید تعلیم تک محدود نہ رکھے بلکہ ہندوستانی علم، سائنس، فلسفہ اور ثقافتی اقدار کو بھی سمجھے اور ان پر تحقیق کر کے عالمی سطح پر ایک نئی شناخت قائم کرے۔ انہوں نے کہا کہ ان تحقیقی مراکز کے ذریعے ہندوستان کے عظیم بزرگوں، دانشوروں، سائنس دانوں، فلسفیوں اور سماجی مصلحین کے نظریات کا مطالعہ، تحقیق اور وسیع پیمانے پر پھیلایا جائے گا۔ یہ اتر پردیش کو ہندوستانی علمی روایت کے تحفظ، فروغ اور عالمی سطح پر پھیلانے کا ایک اہم مرکز بننے کے قابل بنائے گا۔ وزیر اعلیٰ تعلیم نے کہا کہ تحقیقی مراکز کے قیام کے لیے اہلیت کا واضح معیار مقرر کیا گیا ہے۔ صرف وہ یونیورسٹیاں اور کالج جو کم از کم 50 سال سے قائم ہیں درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ مزید برآں، ادارے کے پاس طلباء کی موجودہ آبادی 5000 سے زیادہ ہونی چاہیے اور اسے UGC ایکٹ 1956 کے سیکشن 2(f) اور 12(b) کے تحت تسلیم کیا گیا ہو۔ یوگی حکومت پانچ سال کے لیے ہر ایک منتخب ریسرچ سنٹر کو 2 کروڑ روپے کی یک وقتی گرانٹ فراہم کرے گی۔ یہ رقم فکسڈ ڈپازٹس (FDs) کی شکل میں رکھی جائے گی، اور حاصل کردہ سود مرکز کے باقاعدہ آپریشنز، تحقیقی سرگرمیوں اور دیگر تعلیمی پروگراموں کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ تحقیقی مراکز کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR)، عطیات اور دیگر قانونی ذرائع سے بھی وسائل اکٹھے کیے جاسکتے ہیں۔ پانچ سالہ مدت کی تکمیل کے بعد تحقیقی مراکز کے کام کا جائزہ لیا جائے گا اور مزید توسیع کا فیصلہ کیا جائے گا۔ وزیر یوگیندر اپادھیائے نے کہا کہ تحقیقی مراکز وید، اپنشد، رامائن، مہابھارت، جین اور بدھ فلسفہ، آیوروید، یوگا، ہندوستانی ریاضی، فلکیات، فن تعمیر، زرعی سائنس، ماحولیاتی تحفظ اور دیگر ہندوستانی علمی روایات پر سنجیدہ اور معیاری تحقیق کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ یہ مراکز پی ایچ ڈی، پوسٹ ڈاکٹریٹ، انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ سطح کے محققین کو تحقیقی گرانٹس اور تعلیمی مدد فراہم کریں گے۔ ڈائرکٹر آف ہائر ایجوکیشن پریاگ راج کی صدارت میں ایک پانچ رکنی کمیٹی تحقیقی مراکز کے لیے تمام تجاویز کا جائزہ لے گی اور اپنی سفارشات حکومت کو پیش کرے گی۔ منظوری کے بعد ہی بجٹ مختص کیا جائے گا۔